بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنَّ الۡفَضۡلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ ✦ عَسٰۤی اَنۡ یَّبۡعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحۡمُوۡدًا

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

روزنامہ الفضل ربوہ

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

جلسہ سالانہ نمبر

فون ۴۴۹

Digitized by Khilafat Library Rabwah

انگلستان کے دو شہروں روچسٹر اور جلنگھم کے میئروں کی طرف سے حضور ایدہ اللہ کا پُرتپاک خیر مقدم

چیٹھم کے ٹاؤن ہال میں دی گئی استقبالیہ دعوت کے چند پُرشکوہ مناظر

۱۵ اکتوبر ۱۹۸۲ء

Digitized by Khilafat Library Rabwah

استقبالیہ دعوت کا ایک وسیع منظر

استقبالیہ دعوت میں حضور روچسٹر کے میئر اور جلنگھم کے میئر صاحبان سے گفتگو فرما رہے ہیں

روچسٹر کے میئر موصوف کونسلر باری فلیک حضور کو اہل شہر کی طرف سے خوش آمدید کہہ رہے ہیں

جلنگھم کے میئر موصوف کونسلر البرٹ سپیلز حضور کی خدمت میں استقبالیہ ایڈریس پیش کر رہے ہیں

استقبالیہ ایڈریسوں کے بعد حضور جوابی تقریر ارشاد فرما رہے ہیں

استقبالیہ دعوت کے ڈیڑھ صد سے زائد مدعوین حضور کے ارشادات سننے میں محو ہیں

ارشاداتِ عالیہ سیدنا حضرتِ اقدس مسیح موعود علیہ السلام

اب وہ دن نزدیک آتے ہیں کہ جو سچائی کا آفتاب مغرب کی طرف سے چڑھے گا

خدا کی سچی توحید جس کو بیابانوں کے رہنے والے اور تمام تعلیموں سے غافل بھی اپنے اندر محسوس کرتے ہیں ملکوں میں پھیلے گی

ہر ایک قوم اس چشمہ سے پانی پیئے گی اور یہ سلسلہ زور سے بڑھے گا اور پھولے گا یہاں تک کہ زمین پر محیط ہو جائیگا

اسلام کے اقبال کے دن نزدیک ہیں اور آسمان پر اس کی فتح کے دن نمودار ہیں۔ یہ اقبال روحانی ہے اور فتح بھی روحانی:

Digitized by Khilafat Library Rabwah

"نئی زمین ہوگی اور نیا آسمان ہوگا۔ اب وہ دن نزدیک آتے ہیں کہ جو سچائی کا آفتاب مغرب کی طرف سے چڑھے گا اور یورپ کو سچے خدا کا پتہ لگے گا اور بعد اس کے توبہ کا دروازہ بند ہوگا کیونکہ داخل ہونے والے بڑے زور سے داخل ہو جائیں گے اور وہی باقی رہ جائیں گے جن کے دل پر فطرت سے دروازے بند ہیں اور نور سے نہیں بلکہ تاریکی سے محبت رکھتے ہیں۔ قریب ہے کہ سب ملتیں ہلاک ہوں گی مگر اسلام اور سب حربے ٹوٹ جائیں گے مگر اسلام کا آسمانی حربہ کہ وہ نہ ٹوٹے گا نہ کند ہوگا جب تک دجالیت کو پاش پاش نہ کر دے۔ وہ وقت قریب ہے کہ خدا کی سچی توحید جس کو بیابانوں کے رہنے والے اور تمام تعلیموں سے غافل بھی اپنے اندر محسوس کرتے ہیں ملکوں میں پھیلے گی۔ اُس دن نہ کوئی مصنوعی کفارہ باقی رہے گا اور نہ کوئی مصنوعی خدا اور خدا کا ایک ہی ہاتھ کفر کی سب تدبیروں کو باطل کر دے گا لیکن نہ کسی تلوار سے اور نہ کسی بندوق سے بلکہ مستعد روحوں کو روشنی عطا کرنے سے اور پاک دلوں پر ایک نور اتارنے سے۔ تب یہ باتیں جو میں کہتا ہوں سمجھ میں آئیں گی۔" (تبلیغ رسالت جلد ششم صـ۸)

"ہر ایک قوم اس چشمہ سے پانی پیئے گی اور یہ سلسلہ زور سے بڑھے گا اور پھولے گا۔ یہاں تک کہ زمین پر محیط ہو جاوے گا۔ بہت سی روکیں پیدا ہوں گی اور ابتلاء آئیں گے مگر خدا سب کو درمیان سے اٹھا دے گا اور اپنے وعدہ کو پورا کرے گا۔ اور خدا نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ میں تجھے برکت پر برکت دوں گا یہاں تک کہ بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے۔

سو اے سننے والو! ان باتوں کو یاد رکھو اور ان پیش خبریوں کو اپنے صندوقوں میں محفوظ رکھ لو کہ یہ خدا کا کلام ہے جو ایک دن پورا ہوگا۔" (تجلیاتِ الٰہیہ)

"اس زمانہ میں جو مذہب اور علم کی نہایت سرگرمی سے لڑائی ہو رہی ہے اس کو دیکھ کر اور علم کے مذہب پر حملے مشاہدہ کر کے بے دل نہیں ہونا چاہیئے کہ اب کیا کریں۔ یقیناً سمجھو کہ اس لڑائی میں اسلام کو مغلوب اور عاجز دشمن کی طرح صلح جوئی کی حاجت نہیں بلکہ اب زمانہ اسلام کی روحانی تلوار کا ہے۔ جیسا کہ وہ پہلے کسی وقت اپنی ظاہری طاقت دکھلا چکا ہے۔ یہ پیشگوئی یاد رکھو کہ عنقریب اس لڑائی میں بھی دشمن ذلت کے ساتھ پسپا ہوگا اور اسلام فتح پائے گا ..... اسلام کی سلطنت کو ان چڑھائیوں سے کچھ بھی اندیشہ نہیں ہے جو فلسفہ اور طبعی کی طرف سے ہو رہے ہیں۔ اس کے اقبال کے دن نزدیک ہیں اور میں دیکھتا ہوں کہ آسمان پر اس کی فتح کے دن نمودار ہیں۔ یہ اقبال روحانی ہے اور فتح بھی روحانی تا باطل علم کی مخالفانہ طاقتوں کو اس کی الٰہی طاقت ایسا ضعیف کرے کہ کالعدم کر دیوے۔" (آئینہ کمالاتِ اسلام حاشیہ صـ۲۵۴)

"یہ لوگ یاد رکھیں کہ ان کی عداوت سے اسلام کو کچھ بھی ضرر نہیں پہنچ سکتا۔ کیڑوں کی طرح خود ہی مر جائیں گے۔ مگر اسلام کا نور دن بدن ترقی کرے گا۔ خدا تعالیٰ نے چاہا ہے کہ اسلام کا نور دنیا میں پھیلا دے۔"

(تبلیغِ رسالت جلد دوم صـ۹۲)

جلد ۳۶ ۱۳ ربیع الاول ۱۴۰۳ھ نمبر ۲۹۲
۳۰ فتح ۱۳۶۱ ہش

Digitized by Khilafat Library Rabwah

پندرہویں صدی کے سر پر رُونما ہونیوالا

انقلاب انگیز واقعہ

جماعت احمدیہ کے افراد کی حیثیت سے ہم احمدیوں پر اللہ تعالیٰ کا یہ بہت بڑا فضل اور احسان ہے کہ وہ اپنے بنائے ہوئے خلفاء برحق کی وساطت سے ہمیں غلبۂ اسلام کے ضمن میں عظیم الشان بشارتوں سے نوازتا ہے اور پھر انہیں پورا کر کے ہمارے لئے خوشی و مسرت اور ازدیادِ ایمان کے سامان کرتا ہے جن کے زیرِ اثر ہمارے دل حمد اور شکر کے جذبات سے لبریز ہو کر اس کی جناب میں جھکتے اور ہمیشہ ہی جھکے رہتے ہیں۔

آج ہم اس ضمن میں اللہ تعالیٰ کے ایسے ہی ایک عظیم الشان فضل و احسان کا ذکر کرنا چاہتے ہیں۔ یہ فضل تاریخ کا دھارا موڑنے والے انقلاب کا آئینہ دار ہونے کے باعث اس درجہ اہم اور دُور رس نتائج کا حامل ہے کہ اس کا تعلق کسی ایک سال سے نہیں بلکہ پوری پندرھویں صدی ہجری اور تا قیامت آنے والی تمام دوسری صدیوں سے ہے۔ اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ امام جماعت احمدیہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ نے چودھویں صدی ہجری ختم ہونے سے بہت عرصہ پہلے ہی خدائی القاء کے ماتحت ہمیں یہ بشارت دی کہ پندرھویں صدی ہجری غلبۂ اسلام کی صدی ہے۔ اس صدی کے شروع ہوتے ہی غلبۂ اسلام کے آثار نمایاں ہونا شروع ہو جائیں گے اور اس کے اختتام تک اسلام دنیا کے وسیع علاقوں میں غالب آچکا ہوگا۔

خدا تعالیٰ نے اس بشارت کے پورا ہونے کا آغاز چودھویں صدی ختم ہونے سے پہلے ہی کر کے آشکار کر دکھایا کہ پندرھویں صدی واقعی غلبۂ اسلام کی صدی ثابت ہوگی۔ اس بشارت کے پورا ہونے کا آغاز ایک ایسے انقلاب انگیز واقعہ سے ہوا جس نے پوری دنیا کو چونکا کر رکھ دیا۔ وہ واقعہ یہ تھا کہ سپین جیسے کٹر کیتھولک ملک میں (جہاں سے آٹھ سو سال تک حکمران رہنے کے بعد اسلام اور مسلمانوں کا کلی طور پر صفایا کر دیا گیا تھا اور وہاں کی سرزمین پانچ سات سو سال سے توحید باری تعالیٰ اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر سے خالی چلی آرہی تھی) اللہ تعالیٰ نے انتہائی غیر معمولی حالات میں سب سے پہلی مسجد تعمیر کرنے کی راہ ہموار کر دی۔ خود سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ کو اللہ تعالیٰ نے اپنی تقدیرِ خاص کے ماتحت قرطبہ کے قریب پیدرو آباد کے قصبہ میں خدائے واحد کے اس گھر کا اپنے دستِ مبارک سے سنگِ بنیاد رکھنے کی توفیق عطا فرمائی۔ آپ نے ۲۹ ذی قعد ۱۴۰۰ ہجری مطابق ۹ اکتوبر ۱۹۸۰ء بروز جمعرات اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزانہ دعاؤں کے درمیان اس تاریخ ساز مسجد کا سنگِ بنیاد رکھا اور اسے "مسجد بشارت" کے نام سے موسوم کیا۔ خدا تعالیٰ نے چودھویں صدی ہجری کو ختم نہیں ہونے دیا جب تک یہ انقلاب انگیز واقعہ رونما نہیں ہو گیا اور ہوا بھی اُس مقدس وجود کے ذریعہ جس نے اللہ تعالیٰ سے خبر پا کر پندرھویں صدی کو غلبۂ اسلام کی صدی قرار دیا تھا۔

اس کے چند ہی ہفتے بعد غلبۂ اسلام کی صدی یعنی پندرھویں صدی ہجری کا آغاز اس حال میں ہوا کہ قرطبہ کے نواح میں ساڑھے سات سو سال بعد تعمیر ہونے والی یہ مسجد تعمیر کے مراحل طے کر رہی تھی اور پھر ۲۱ ذی قعد ۱۴۰۲ ہجری مطابق ۱۰ ستمبر ۱۹۸۲ء بروز جمعۃ المبارک سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس تاریخ ساز مسجد میں جمعہ کی نماز پڑھا کر اس کا افتتاح فرمایا۔ سپین جیسے ملک میں صدیوں بعد مسجد کی تعمیر کوئی معمولی واقعہ نہ تھا۔ یہ دراصل سپین میں اسلام کے دوبارہ غالب آنے کی بشارت کا اعلان تھا۔ اس نے سپین اور اہلِ سپین ہی نہیں بلکہ ساری دنیا کو چونکا کر رکھ دیا۔ اس کا دنیا بھر کے تمام ممالک میں اس قدر چرچا ہوا کہ کئی ہفتوں تک دنیا بھر کے اخبارات اور ابلاغ عامہ کے دیگر ذرائع یعنی ریڈیو اور ٹیلی ویژن اس کے ذکر سے گونجتے رہے اور ہنوز گونج رہے ہیں۔

دنیا میں آئے دن مسجدیں تعمیر ہوتی ہی رہتی ہیں لیکن اس ایک مسجد نے اقصائے عالم میں تہلکہ مچا کر پوری دنیا کو ہلا کر رکھ دیا۔ آخر کیوں؟ اس لئے کہ سپین جیسے ملک میں مسجد کی تعمیر ایک انقلاب انگیز واقعہ کی حیثیت رکھتی ہے جس نے سپین میں محبت کی راہ سے قلوب پر فتح پانے اور اس طرح اسلام کے وہاں دائمی طور پر از سرِ نو غالب آنے کے دروازے کھول دیئے ہیں اور اس کے ذریعہ سے دنیا کو واقعاتی رنگ میں آگاہ کر دیا گیا ہے کہ فی الواقعہ پندرھویں صدی غلبۂ اسلام کی صدی ہے۔ اس میں ایسے ایسے انقلاب انگیز واقعات رونما ہوں گے کہ جن کے نتیجہ میں اسلام سپین میں ہی نہیں سپین سمیت پوری دنیا میں غالب آئے بغیر نہ رہے گا۔

مسجد بشارت سپین کا تاریخی افتتاح جس طرح دنیا بھر میں تہلکہ مچانے کا موجب ہوا ہے اُس کا کسی قدر ثبوت ہم الفضل کے اس خاص شمارہ میں دنیا بھر کے بعض اخباروں کے تراشوں کے فلمی عکسوں اور ان کے ترجموں کی شکل میں پیش کر رہے ہیں۔ نیز سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اس یادگار سفر یورپ کے بعض تصویری مناظر بھی اس شمارہ میں ہدیۂ قارئین کئے جا رہے ہیں تا عالمی اخبارات کے ان تراشوں کا مطالعہ اور ان تصویری مناظر کا مشاہدہ احباب جماعت کے لئے ازدیادِ ایمان و ایقان کا موجب ہو اور وہ پندرھویں صدی ہجری کے آغاز میں نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے اس فضل عظیم اور احسانِ عظیم پر اُس کا شکر بجا لائیں اور اُس کی حمد سے اس کرۂ ارض کی فضاؤں کو بھر دیں تا ہمارا خدا عزیز اور صادق الوعد خدا ہمیں اپنے غیر معمولی فضلوں اور احسانوں سے نوازتا چلا جائے اور اُس کے معجزہ کی قدرت رکھنے والے یہ غیر معمولی فضل اور احسان دنیا کو یہ باور کرا دیں کہ واقعی پندرھویں صدی غلبۂ اسلام کی صدی ہے۔ اس صدی میں ہی پوری نوع انسانی دینِ واحد پر آجمع ہوگی اور اُمتِ واحدہ کی شکل اختیار کر لے گی۔ یہی خدا تعالیٰ کا منشاء ہے اور یہی اُس قادر و عزیز کی تقدیر ہے جسے دنیا کی کوئی طاقت بدل نہیں سکتی۔

مہک آتی ہے کس کی خاکِ پا سے

نزاعِ جسم و جاں سے کون گزرا
خیالِ این و آں سے کون گزرا
نہ تھا ایسا کبھی پھولوں پہ جوبن
چمن کے درمیاں سے کون گزرا
مہک آتی ہے کس کی خاکِ پا سے
دیارِ عاشقاں سے کون گزرا
یہ دھڑکن تھی، مگر ایسی کہاں تھی
خدا جانے یہاں سے کون گزرا
کریما پردہ پوشی، پردہ پوشی
سلامت امتحاں سے کون گزرا
کسے معلوم کیا ہے ہوئے مستاں
درِ پیرِ مغاں سے کون گزرا
بساطِ آگہی کس نے الٹ دی
حدِ سود و زیاں سے کون گزرا
در و بامِ یقیں کس نے سجائے
خم و پیچِ گماں سے کون گزرا
مہ و انجم ہیں گردِ راہ کس کے
فرازِ آسماں سے کون گزرا
محمدؐ کی یہ ہمت تھی مبشر
وگرنہ لامکاں سے کون گزرا

نعت
سرورِ کونینؐ
مکرم مبشر احمد صاحب راجیکی
ربوہ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴ پبلشر:- مسعود احمد پرنٹر:- سید عبدالحی مطبع:- ضیاء الاسلام پریس
مقام اشاعت:- دفتر روزنامہ الفضل دارالرحمت غربی ربوہ قیمت:- ۱۰ روپے

امامِ مہدیٔ موعود لاریب و گماں آیا

مکرم محمد ابراہیم صاحب شاد چک چیہور ضلع شیخوپورہ

اطاعت میں محمدؐ کی مسیحائے زماں آیا!
خدا کے فضل و رحمت کا جہاں میں اک نشاں آیا

خزاں نے کر دیا تھا گلستانِ دیں کو پژمردہ
بہارِ جاوداں لے کر ہمارا باغباں آیا

مسلسل ہو رہی تھی یورشِ نصرانیت ہر سُو
زبہرِ غلبۂ اسلام حق کا پہلواں آیا

ہوئی معدوم جس سے ظلمتِ ادیانِ باطل سب
وہ تنویرِ مجسم ماہِ کامل ضَو فشاں آیا

رہی ہیں منتظر اقوامِ عالم مدتوں جس کی
وہ مہدیؑ وہ کرشناؑ وہ مسیحاؑ قادیاں آیا

خدا کے نور کا مظہر بروزِ حسنِ پیغمبرؐ
امامِ مہدیِ موعود لاریب و گماں آیا

اشاعت دینِ احمد کی تھی جس کے دم سے وابستہ
غلامِ احمدِ مرسل امامِ آخر زماں آیا

خزینے علم و عرفاں کے امامِ وقت نے بخشے
مبارک صد مبارک ہے ہمارا مہرباں آیا

وہ "سلطان القلم" لایا جدید علمِ کلام اپنا
عطا جس نے کیا ہم کو نیا رنگِ بیاں آیا

"مسلماں را مسلماں باز کردن" مدعا لے کر
برائے نصرتِ دینِ محمدؐ، پاسباں آیا

ثریا پر سے لایا پھر زمیں پر دولتِ ایماں
وہ "رجلِ فارسی" جس کا نوشتوں میں بیاں آیا

خوشا بختی ہماری شادؔ پایا عہدِ بابرکت
ملا ہے گوہرِ مقصود اپنا دلستاں آیا

مسجد بشارت سپین کا افتتاح

پھر سے ہے اسلام کا ڈنکا بجا

مکرم مرزا محمود احمد صاحب گجراتی
دارالصدر غربی ربوہ

انقلاب ہسپانیہ میں آگیا
دیکھ کر ہے کفر، یکسر، دم بخود

مسجدِ ذی شاں کی پس از ہفت قرن
افتتاحِ مسجدِ عالی نشاں

دس ستمبر، افتتاح کے روز تھا
لب پہ تھی حمدِ خداوندِ جلیل

پیدرو آباد کی خوش قسمتی
تھیں زبانیں تر خدا کے شکر سے

بعد صدیوں کے یہاں پر پھر اذاں
کہہ رہے ہیں با مسرت "حبذا"

خود پہ نازاں آج ارض الکبیر
بعد صدیوں کے اندھیرے چھٹ گئے

اک زماں کے بعد یاں پر ہم نشیں
خدمتِ اسلام میں مصروف ہیں!

عاشقانِ مصطفےٰ پہنچیں گے یاں
نکھری نکھری آج ہے اس کی فضا

بندۂ مومن کی تاثیرِ دعا
احمدیوں نے وہاں رکھی بنا

میرزا طاہر نے واں جا کر کیا
ہر زباں پر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

نعرۂ تکبیر سے گونجی فضا
گھر خدائے پاک کا اس میں بنا

اور سب کے لب پہ تھا صلِّ علیٰ
مرحبا، صد مرحبا، صد مرحبا

قرطبہ، غرناطہ و اشبیلیا
اس میں پھر سے کلمہ گو ہے آگیا

یک بیک ظاہر ہوا نورِ ہدیٰ
پھر سے ہے اسلام کا ڈنکا بجا

جان و دل سے خادمانِ میرزا
قافلہ در قافلہ در قافلہ

فخر سے ہر اک زباں پر آج ہے
حضرتِ "مرزا غلام احمد کی جے"

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سوئٹزرلینڈ کے شہر زیورک میں

یورپ کے دانشوروں سے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کا معرکہ آراء خطاب

آسمانی نوشتہ اور الہامی پیشگوئیوں کی رو سے نوعِ انسانی کے مستقبل کی وضاحت

نوعِ انسانی خود اپنے ہی ہاتھوں لائی ہوئی تباہی کی طرف تیزی سے بڑھتی چلی جارہی ہے،

میں آپ تک خوشخبری پہنچاتا ہوں کہ انتہائی ہولناک تباہی مسلط ہونیکی پیشگوئیوں کو ٹلایا جاسکتا ہے

انسان کو چاہیئے کہ وہ اپنے خالق کی طرف رجوع کرے اور پورے خلوص سے ندامت کا اظہار کرتے ہوئے اس کے ساتھ زندہ تعلق قائم کرے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے عہدِ خلافت کے پہلے سفرِ یورپ کے دوران ۳۱ اگست ۱۹۸۲ء کو سوئٹزرلینڈ کے شہر زیورک کے نووا پارک ہوٹل میں نوعِ انسانی کے مستقبل کے متعلق وہاں کے دانشوروں سے انگریزی میں معرکہ آراء خطاب فرمایا۔ جس کے بعد دیر تک سوال و جواب کا سلسلہ جاری رہا۔ سوئس زبان میں اس خطاب کا ترجمہ ساتھ کے ساتھ ہیڈ فونز کے ذریعے سامعین تک پہنچایا جارہا تھا۔ اس معرکہ آراء انگریزی خطاب کا ترجمہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر پہلی بار ذیل میں ہدیہ قارئین کرنیکی سعادت حاصل کر رہا ہے۔

نوعِ انسانی کا مستقبل

دنیا میں آجکل نوعِ انسان کے مستقبل کے بارہ میں بہت پریشان کن قیاس آرائیاں ہو رہی ہیں۔ ان قیاس آرائیوں نے انسان کو عجب مخمصہ میں ڈال رکھا ہے۔ میں اس وقت خالص اسلامی نظریہ کی روشنی میں اس مسئلہ کے بارہ میں دو مختلف زاویوں سے اختصار کے ساتھ بعض باتیں بیان کروں گا۔

اوّل یہ کہ انسان کی موجودہ حالت سے انسان کے کس مستقبل کی نشاندہی ہوتی ہے؟

دوسرے یہ کہ نوعِ انسان کے مستقبل کے بارہ میں آسمانی نوشتہ اور خدائی الہامات کن پیشگوئیوں پر مشتمل ہیں؟

جب ہم عصری علم پر حصر کرتے ہوئے نوعِ انسانی کے مستقبل میں جھانکنے کی کوشش کرتے ہیں تو ذہن میں ایک نہایت ہولناک منظر ابھرے بغیر نہیں رہتا۔ ہمیں صاف نظر آتا ہے کہ نوعِ انسانی خود اپنے ہی ہاتھوں لائی ہوئی تباہی کی طرف تیزی سے بڑھتی چلی جارہی ہے۔ اور یوں لگتا ہے کہ وہ عالمی پیمانہ پر اجتماعی خودکشی کی تیاریوں میں مصروف ہے۔ جب ہم قرآن کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ قرآن نے خاص ہمارے اپنے زمانہ یعنی موجودہ زمانہ میں نوعِ انسانی کے ایک بہت ہی ہولناک انجام سے دوچار ہونے کے بارہ میں زبردست انتباہ کیا ہے۔

اگر ہم انتہائی تباہ کن جوہری ہتھیاروں کی ایجاد کو دیکھیں اور اُن کے اندھا دھند استعمال کے خطرات پر نظر ڈالیں تو نوعِ انسانی کے مستقبل کے بارہ میں پیشگوئی کرنا چنداں مشکل نہیں ہے اس کے لئے غیر معمولی ذہانت اور فہم و فراست کی ضرورت نہیں۔ لیکن چودہ سو سال پہلے کے زمانہ میں تو یہ صورت حال نہ تھی۔ اُس زمانہ میں انسان کے لئے ان واقعات کو جن سے آج ہم دوچار ہیں تصور میں لانا ممکن ہی نہ تھا۔ اس کے باوجود جیسا کہ میں نے ابھی اشارہ کیا ہے ہم دیکھتے ہیں کہ قرآن نے ان واقعات کے بارہ میں واضح الفاظ میں زبردست انتباہ کیا ہے۔ ایک جگہ وہ کہتا ہے:۔

وَالْعَصْرِ ۙ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۙ (العصر ۲-۳)

یعنی میں اُس زمانہ کو شہادت کے طور پر پیش کرتا ہوں کہ جب انسان یقیناً زبردست گھاٹے میں ہوگا۔

اس مختصر آیت میں خدا تعالیٰ اُس زمانہ کو بطور شہادت پیش کرتا ہے جب پوری کی پوری نوعِ انسانی تیزی سے ہولناک تباہی کی طرف جارہی ہوگی۔ وہ عمل و کردار کے ایسے راستہ پر چل رہی ہوگی جو انسان کو ایک انتہائی دہشت انگیز انجام کے کنارے پر لا کھڑا کرے گا۔ حالات بڑھتے بڑھتے کس نہج پر جا پہنچیں گے اور کن واقعات پر منتج ہوں گے اُس زمانہ میں ان کا تصور ہی نہیں کیا جاسکتا تھا۔ اس کے باوجود اُس ماضیٔ بعید کے زمانہ میں ان حالات و واقعات کی خبر دینا اور پھر ان کا من و عن پورا ہوجانا اس امر کا بیّن ثبوت ہے کہ قرآن مجید کا اس آنے والے زمانہ کو شہادت کے طور پر پیش کرنا کوئی اتفاقی امر نہ تھا۔ اور نہ یہ کسی زائچہ لگانے والے نجومی کی قیاس آرائی تھی۔ یہ بلاشبہ علیم و خبیر خدا کی طرف سے ایک زبردست انتباہ ہے۔ اُس علیم و خبیر خدا کی طرف سے جس کے علم نے جو کچھ ماضی میں گزر چکا ہے اسکا، جو کچھ زمانۂ حال میں ہو رہا ہے اس کا اور جو کچھ مستقبل میں ہوگا اس کا پورے طور پر احاطہ کیا ہوا ہے۔ آج سائنس کی ٹھوس اور بیّن گواہی اس آسمانی انتباہ کی صداقت پر مُہرِ تصدیق ثبت کر رہی ہے۔

خدائے علیم و خبیر نے انسانی زندگی اور اس کے طرزِ عمل کو متعین اور منضبط کرنے والے بنیادی اصول و قوانین مقرر کر رکھے ہیں۔ اُس نے اُس سمت کی بھی نشاندہی کر دی ہے جو نوعِ انسانی کو انتشار اور تباہی کی طرف لے جانے والی ہے۔ خدائے قادر و توانا نے یہ بھی بتا دیا ہے کہ انسانی معاشرہ اپنے آپ کو خسارہ اور تباہی سے کیسے بچا سکتا ہے۔ ان بنیادی قوانین میں سے ایک قانون یہ ہے کہ کوئی قوم موت اور تباہی سے اُس وقت تک دوچار نہیں ہوگی جب تک کہ کوئی ڈرانے اور خبردار کرنے والا ان کی طرف نہ آجائے جو انہیں متنبہ کرنے کے علاوہ تباہی کا راستہ ترک کرنے اور سلامتی کا راستہ اختیار کرنے کی طرف بلائے۔ ایسا خبردار کرنے والا ان کی معاشرتی زندگی کے تاریک پہلوؤں کی نشاندہی کرتا ہے اور ظلمت سے نور کی طرف ان کی رہنمائی کرتا ہے۔ تاکہ ہر دیکھنے والی آنکھ حقیقت کو پہچان لے اور صلاحیت رکھنے والا ہر دل ابدی صداقت کو قبول کرلے۔

اس بنیادی قانون کا ایک لازمی اور قدرتی تقاضا یہ ہے کہ تباہی و بربادی کے عوامل کی کارفرمائی کے باوجود اس امر کا امکان موجود ہوتا ہے کہ اگر نوعِ انسانی چاہے اور تہیہ کرلے تو وہ خوفناک انجام سے بچ سکتی ہے۔ لیکن تباہی کے امکانات کو بدلنے کا فیصلہ انسان کو خود کرنا ہوگا۔ یہ انسان کا اپنا کام ہے کہ وہ خود فیصلہ کرے کہ آیا وہ ظلمت کو نور میں، بدنظمی کو نظم میں اور خوف کو امن میں بدلنا چاہتا ہے یا نہیں چاہتا۔ دوسرے الفاظ میں یوں کہہ سکتے ہیں کہ اپنا مستقبل بنانے یا بگاڑنے کا اختیار انسان کو دیا گیا ہے۔ جیسا کہ قرآن مجید

Digitized by Khilafat Library Rabwah

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کہتا ہے :-

اِنَّ اللّٰہَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِھِمْ (الرعد ۱۲)

یعنی اللہ کبھی بھی کسی قوم کی حالت کو نہیں بدلتا جب تک کہ وہ خود اپنی اندرونی حالت کو نہ بدلے۔

اس سے یہ امر ظاہر و باہر ہے کہ جس ہولناک تباہی کی خبر دی گئی ہے وہ ایسی خدائی تقدیر نہیں ہے کہ جو بدل ہی نہ سکے۔ یہ ایک ایسا امر ہے کہ جس کا انسان کی اپنی ذات سے براہِ راست تعلق ہے۔ یہ انسان کی اپنی مرضی پر منحصر ہے کہ وہ اگر چاہے تو اسے اختیار کرلے۔ اور اگر اختیار نہ کرنا چاہے تو اسے قبول نہ کرے۔ لیکن اس ضمن میں یہ امر فراموش نہیں ہونا چاہیئے کہ کسی فیصلے پر پہنچنے کے لئے انسان کے پاس وقت بہت تھوڑا ہے۔ منزلِ مقصود بہت دُور ہے اور سفر لمبا اور دقت طلب ہے۔ اگر انسان اپنے آپ کو اور اپنی آئندہ نسلوں کو ہلاکت سے بچانا چاہتا ہے، اور اگر وہ چاہتا ہے کہ وہ خوف و ہراس اور شکوک و شبہات کی دلدل سے نکل کر امن و عافیت کے حصار میں آجائے اور وہ ایمان و یقین اور اعتماد کی دولت سے مالا مال ہو جائے تو اسے عمل و کردار کے نئے راستہ پر جلد گامزن ہونا چاہیئے۔

قیامِ عدل کی ضرورت

اپنے خالق و مالک کی مرضی کے آگے پورے طور پر سرِ تسلیم خم کرنے کے علاوہ حقیقی عدل ایک ایسا بنیادی وصف ہے جو نوعِ انسانی کے بچاؤ اور تحفظ کے سلسلہ میں بہت اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ حقیقی عدل کو ایک بنیادی اصل کے طور پر سب کو ہی عالمگیر سطح پر نہ صرف تسلیم کرنا چاہیئے بلکہ عالمگیر سطح پر اس پر کماحقہٗ عمل پیرا بھی ہونا چاہیئے۔ حقیقی عدل کے نفاذ کے لئے ضروری ہے کہ کسی قسم کے لحاظ ملاحظہ اور دیگر بے تعلق عوامل کو اثر انداز نہ ہونے دیا جائے۔ ایسے منصفانہ انسانی تعلقات کا قیام جو رنگ، نسل اور اعتقاد کے امتیازات سے بالا ہوں اور جو کالے اور گورے، مغربی اور مشرقی، مسیحی اور یہودی، مسلم اور غیر مسلم کی تفریق کو اثر انداز نہ ہونے دیں، ازبس ضروری ہے۔ ایسے تعلقات کے قیام میں عدل کے نہایت موثر نظام کو ایک لازمی اور ناگزیر شرط کی حیثیت حاصل ہے۔ اگر انصاف کے موجودہ تمام نہاد پیمانوں کو (جن میں موقع پرستی کو کھل کھیلنے کی اجازت ہوتی ہے اور علاقائی یا دوسرے تعصبات کو اثر انداز ہونے دیا جاتا ہے) نہ بدلا گیا اور ان کی بجائے حقیقی عدل کا نظام قائم نہ کیا گیا تو جلد یا بدیر جملہ معاشرتی نظام طیامیٹ ہوئے بغیر نہ رہیں گے۔ انصاف کے ہر اس نظام سے جس میں جانبداری کی گنجائش موجود ہو بے اطمینانی، بدنظمی اور عدم تحفظ کا احساس پیدا ہوتا ہے جو بالآخر معاشرہ کو ہلاک کر کے رکھ دیتا ہے۔

موجودہ زمانہ اور اس کے مخصوص حالات عدل کا موثر نظام موجود نہ ہونے کی حقیقت پر گواہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں زمانہ کی اس گواہی کو پیش کیا ہے اور بنی نوع انسان کو خبردار کیا ہے کہ وہ اپنے آپ کو ہلاکت خیز مستقبل سے بچائیں۔ اس کے ساتھ ہی قرآن مجید نے انصاف نافذ کرنے کا ایک ایسا نظام پیش کیا ہے جو ہر قسم کی ناجائز مروّتوں اور سیاسی تقاضوں سے مبرا ہے۔

اسلام میں عدل کا تصوّر

میں زیرِ بحث موضوع سے ذرا ہٹ کر یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اسلام عدل اور اس سے تعلق رکھنے والے دیگر موضوعات کے بارہ میں کیا تعلیم دیتا ہے۔

(ا) عدل سے متعلق اسلام نے درج ذیل بنیادی اصول مقرر کئے ہیں :-

۱- وَ اِذَا حَکَمْتُمْ بَیْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْکُمُوْا بِالْعَدْلِ ط (النساء : ۵۹)

(ترجمہ) اور (اللہ تمہیں یقیناً اس بات کا حکم دیتا ہے) جب تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو عدل سے فیصلہ کرو۔

۲- وَ اِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَ لَوْ کَانَ ذَا قُرْبٰی ج (الانعام ۱۵۳)

ترجمہ :- اور (اللہ یہ حکم دیتا ہے کہ) جب تم کوئی بات کہو تو گو وہ شخص (جس کے متعلق بات کہی گئی ہو) تمہارا قریبی رشتہ دار ہو تو عدل کو ملحوظ رکھو۔

۳- اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَ الْاِحْسَانِ وَ اِیْتَآئِ ذِی الْقُرْبٰی۔ (النحل : ۹۱)

ترجمہ :- اللہ یقیناً عدل کا اور احسان کا اور (غیر رشتہ داروں کو بھی) قرابت والے شخص کی طرح (جاننے اور اُسی طرح مدد) دینے کا حکم دیتا ہے۔

(ب) عدل کو قائم کرنے اور جھگڑوں کا پُرامن تصفیہ کرانے کے ضمن میں ایک بنیادی اصول یہ ہے کہ سچی گواہی دی جائے۔ یہ وہ بنیادی اصول ہے جس پر حقیقی عدل کی پوری عمارت استوار ہوتی ہے۔ اس تعلق میں قرآن مجید نے درج ذیل رہنما اصول مقرر کئے ہیں

۱- وَ لَا یَاْبَ الشُّھَدَآءُ اِذَا مَا دُعُوْا ط (البقرہ : ۲۸۳)

ترجمہ :- جب گواہوں کو بلایا جائے (کہ وہ آکر گواہی دیں) تو وہ انکار نہ کریں۔

۲- وَ لَا تَکْتُمُوا الشَّھَادَۃَ ط وَ مَنْ یَّکْتُمْھَا فَاِنَّہٗٓ اٰثِمٌ قَلْبُہٗ (البقرہ ۲۸۴)

ترجمہ :- اور تم گواہی کو کبھی نہ چھپاؤ اور جو اسے چھپائے گا وہ یقیناً ایسا شخص ہے جس کا دل گنہگار ہے۔

۳- کُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ بِالْقِسْطِ شُھَدَآءَ لِلّٰہِ وَ لَوْ عَلٰٓی اَنْفُسِکُمْ اَوِ الْوَالِدَیْنِ وَ الْاَقْرَبِیْنَ ج (النساء : ۱۳۶)

ترجمہ :- تم پوری طرح انصاف پر قائم رہنے والے اور اللہ کے لئے گواہی دینے والے بن جاؤ گو (تمہاری گواہی) تمہارے اپنے خلاف یا والدین یا قریبی رشتہ داروں کے خلاف پڑتی ہو۔

(ج) اگر فی الحقیقت انصاف کی رُو سے ایک شخص کا کوئی حق بنتا ہے اور وہ ازراہِ کرم دوسرے کو فائدہ پہنچانے کی غرض سے اپنی مرضی سے اپنے حق کا ایک حصہ چھوڑ دیتا ہے، سو اگر وہ اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کی خاطر ایسا کرتا ہے تو وہ یقیناً معاشرہ میں خیر سگالی اور نیکی کو فروغ دینے کا موجب بنتا ہے۔

(د) قرآن مجید میں مومنوں کے جو اوصاف بیان کئے گئے ہیں ان میں سے ایک وصف یہ ہے :-



سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ نووا پارک ہوٹل زیورک میں "نوعِ انسانی کا مستقبل" کے موضوع پر دانشوروں سے خطاب فرما رہے ہیں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

وَ الْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَ الْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ط (آل عمران: ۱۳۵)

ترجمہ: (یہ وہ لوگ ہیں) جو غصہ کو دبانے والے اور لوگوں کو معاف کرنے والے ہیں۔

(ر) اسلام نے عدل کا ایک ایسا بلند معیار مقرر کیا ہے کہ وہ مجرموں اور جنگ کرنے والے دشمنوں کے حقوق کو بھی پامال کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔ فطرتاً انسان انتقام لینے میں حد سے تجاوز کرنے پر اُتر آتا ہے۔ اسلام اس جذبے کی تربیت کرنا چاہتا ہے اس لئے اس نے حکم دیا ہے

فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ

(البقرہ: ۱۹۵)

ترجمہ: جو شخص تم پر زیادتی کرے تم اس سے اس کی زیادتی کا جس قدر کہ اس نے تم پر زیادتی کی ہو بدلہ لے لو اور اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور جان لو کہ اللہ یقیناً متقیوں کے ساتھ ہوتا ہے۔

(س) اسلام نے بین الاقوامی تعلقات میں استواری پیدا کرنے کے سلسلہ میں بھی احکام دیئے ہیں۔ اس ضمن میں قرآن مجید اس امر کی اجازت نہیں دیتا کہ قومی اور انفرادی معاملات میں مختلف طرزِ عمل اختیار کیا جائے اور ان دونوں میں کسی قسم کی تفریق روا رکھی جائے۔ وہ بین الاقوامی تعلقات میں بہر طور عدل کو ملحوظ رکھنے پر اتنا ہی زور دیتا ہے جتنا انفرادی طرزِ عمل میں اس نے عدل سے سرِ مُو انحراف نہ کرنے پر زور دیا ہے وہ فرماتا ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ وَ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا ط اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى (المائدہ: ۹)

ترجمہ: مومنو! تم اللہ کے لئے ایستادہ ہو جاؤ۔ انصاف کے ساتھ گواہی دو اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں ہرگز اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نہ کرو۔ تم (بہر طور) انصاف سے کام لو یہ (یعنی انصاف سے کام لینا) تقویٰ کے زیادہ قریب ہے۔

سب سے بڑا اور سب سے اہم سوال جو آج ہمیں درپیش ہے، یہ ہے کہ حقیقی عدل کا ادراک کیسے حاصل ہو۔ اور پھر کیونکر اس پر عمل کیا جائے۔ قرآن مجید کی رُو سے اس اہم سوال کا جواب یہ ہے کہ اس کا تمام تر انحصار اس امر پر ہے کہ توحید باری تعالیٰ پر ایمان لایا جائے اس مشترک ازلی سرچشمہ سے تعلق کا احساس ہی وحدتِ انسانی اور حقیقی عدل کے احساس کو دلوں میں راسخ کر سکتا ہے۔ اسی لئے اسلامی فلسفہ کی رُو سے خالقِ حقیقی کی توحید کو دل سے تسلیم کئے اور اس پر سختی سے قائم ہوئے بغیر اور شرک اور بت پرستی کی ہر قسم اور شکل کو مسترد کئے بغیر وحدتِ انسانی کا قیام ممکن نہیں ہے۔

اسلام میں نسلی برتری کے احساس کی تردید

(ص) بین الاقوامی سطح پر باہمی بداعتمادی کا ایک بڑا سبب یہ ہے کہ بعض ترقی یافتہ قومیں نسلی برتری کے مرض میں مبتلا ہیں جس کے زیرِ اثر وہ دوسری قوموں کو حقیر جانتی اور انہیں حقارت کی نظر سے دیکھتی ہیں۔ قرآن مجید اس طرزِ عمل کی مذمت کرتا ہے اور ہدایت دیتا ہے کہ:

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّ اُنْثٰى وَ جَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ط اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ط (الحجرات: ۱۴)

ترجمہ: لوگو! ہم نے تمہیں مرد اور عورت سے پیدا کیا ہے اور مختلف قوموں اور قبیلوں میں اس لئے تقسیم کیا ہے تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو۔ لیکن اللہ کے نزدیک تم میں سے سب سے زیادہ معزز وہی ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے۔

یہ ہے اسلام کی تعلیم جو رنگ، نسل اور عقیدہ کی بناء پر روا رکھے جانے والے تمام امتیازات کا خاتمہ کر دیتی ہے۔ یہ انسان کو یاد دلاتی ہے کہ آغاز سب کا ایک ہی ہے اور اسے یہ تلقین کرتی ہے کہ وہ نسلی اختلافات میں نہیں بلکہ صرف اور صرف تقویٰ میں امتیاز حاصل کر کے عزت کے متلاشی ہوں۔

بین الاقوامی معاہدات، باہمی تعاون اور امداد سے متعلق اسلامی تعلیم

قوموں کی برادری میں کسی قوم کے لئے ممکن نہیں ہے کہ وہ اقتصادی، سیاسی اور معاشرتی ضروریات کے تحت باہمی معاہدات کئے بغیر الگ تھلگ زندہ رہ سکے۔ اس معاملہ میں بھی اسلام ایک گروپ کو نقصان پہنچا کر دوسرے گروپ کے ساتھ ترجیحی سلوک کی بنیاد پر کئے جانے والے منفی قسم کے معاہدات کے نظریہ کو مسترد کرتا ہے۔ اس کی بجائے وہ ایسے معاہدات کی تعلیم دیتا ہے جو قرآن مجید کے درجِ ذیل حکم کی بنیاد پر مثبت اقدار کو فروغ دینے کی غرض سے کئے جائیں:

زیورک کے دانشوروں سے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطاب سے قبل حاضرین کا ایک منظر۔

تَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَ التَّقْوٰى (المائدہ: ۳)

ترجمہ: تم نیکی اور تقویٰ کی بنیاد پر ایک دوسرے سے تعاون کرو

(ط) اسلام صرف ایسے تعاون سے ہی منع نہیں کرتا جو خود غرضی اور قومی ضرورتوں پر مبنی ہو بلکہ وہ کلیتہً بنی نوع انسان کی خدمت کی نیت سے بین الاقوامی سطح پر کئے جانے والے باہمی تعاون کی تعلیم دیتا ہے۔ اور اس امر کو لازمی قرار دیتا ہے کہ ایسے تعاون سے ذاتی فائدہ اٹھانے کی کوشش نہ کی جائے۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ سیاسی گٹھ جوڑ کو خاطر میں لائے بغیر حاجت مندوں کی طرف دستِ تعاون بڑھانے کی شکل میں لوگوں سے مثبت کردار کی توقع کرتا ہے۔ اسلام بنی نوع انسان کی مدد کو سیاسی ضروریات کے ساتھ باندھنے کے نظریہ کا بھی سخت مخالف ہے اور اسے مسترد کرتا ہے۔ وہ ہمیں غیر مبہم اور واضح الفاظ میں خبردار کرتا ہے کہ وہ مالدار اقوام جو یہ سمجھتی ہیں کہ حاجت مند اقوام پر بڑی بڑی رقوم خرچ کر کے وہ دنیا پر اپنی بالادستی کو دائمی طور پر برقرار رکھ سکیں گی وہ سخت غلطی خوردہ ہیں۔ قرآن مجید کی رُو سے اگر مالی امداد کے ساتھ شرائط لگا دی جائیں تو امداد کی رقم کتنی ہی خطیر کیوں نہ ہو وہ سراسر بے فائدہ ہے اور کسی کام کی نہیں۔ صرف ایسی خدمات بنی نوع انسان کے لئے اور خود خدمات بجا لانے والوں کے لئے فائدہ مند ہو سکتی ہیں جو لوگوں کو دوسروں کی ماتحتی میں لانے والی غلامی کی زنجیروں کو توڑ کر ان کی رستگاری اور نجات کا موجب ہوں۔ اسلام جس بین الاقوامی امداد کا حامی ہے یہ اس کی بنیادی شرط ہے۔ قرآن مجید نے ایسے لوگوں کا ذکر کر کے جن کا بنی نوع انسان کی خاطر بڑی بڑی رقوم خرچ کرنا رائیگاں جاتا ہے ایسی امداد کے بنیادی نقص کا تجزیہ کیا ہے۔ وہ خبردار کرتا ہے کہ ایسے لوگ بنی نوع انسان کی بے غرض خدمت کا مشقت طلب اور کٹھن

Digitized by Khilafat Library Rabwah

راستہ اختیار نہیں کرتے جو شروع ہوتا ہے

فَكُّ رَقَبَةٍ (البلد: آیت ۱۴)

سے جس کے معنی یہ ہیں کہ جو شروع ہوتا ہے غلامی کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے لوگوں کو آزاد کرنے سے نہ کہ بڑی قوموں کی غلامی میں جکڑے ہوؤں کی زنجیروں میں مزید زنجیروں کا اضافہ کرنے سے۔ اسلام ہمیں تعلیم دیتا ہے کہ محض خدمت کی نیت سے اور خدا کی خوشنودی حاصل کرنے کی غرض سے بھوکوں کو کھانا کھلاؤ۔ یتیموں کی پرورش کرو اور گرے پڑے اور دبے ہوئے لوگوں کو اٹھاؤ اور ان کی حالت بہتر بناؤ۔ اگر انسان سچی خدمت کے اس مقصد کو پالے صرف اور صرف تب ہی وہ دوسروں کے لئے نمونہ بننے کے قابل ہو سکتا ہے اور دوسروں کو اپنے نقش قدم پر چلنے کی تلقین کر سکتا ہے اور خود اپنے عملی نمونہ سے دوسروں کو صابر اور رحم دل بننے کی تعلیم دے سکتا ہے۔

جب کسی قوم میں اسلام کے بتائے ہوئے نظام عدل کا قیام عمل میں آجاتا ہے تو ان میں خدمت انسانیت کا ایسا جذبہ ابھرتا ہے کہ اپنے ہم جنسوں کے ساتھ ان کی ہمدردی اور الفت کی کوئی حد باقی نہیں رہتی۔ ایسے ہی لوگ ہوتے ہیں جو یقا کے راستہ پر قدم مارتے ہیں اور غلامی جس شکل میں بھی دنیا میں پھیلی ہوئی جاتی ہو اسے ختم کرنے اور اس کا نام و نشان مٹانے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں۔

دُنیا کی موجودہ حالت اور اس کا تقاضا

جیسا کہ پہلے اشارہ کیا جا چکا ہے قرآن مجید نے ہمیں اس طرف توجہ دلائی ہے کہ اگر کوئی معاشرہ ناانصافی اور عدم مساوات کو اپنے معمولات میں داخل کر لیتا ہے تو وہ معاشرہ زوال پذیر ہوئے بغیر نہیں رہتا۔ بدقسمتی سے آجکل دنیا کچھ ایسی ہی صورت حال سے دوچار ہے۔ پھر آجکل کے معاشرہ کو صرف ایک مرض ہی لاحق نہیں۔ بہت سی بیماریاں ہیں جو اسے چمٹی ہوئی ہیں جو اس کے وجود کی جڑوں کو اندر ہی اندر گھن کی طرح کھا رہی ہیں۔ نتیجہ اس کا یہ ہے کہ نوع انسانی تحفظ اور امن و عافیت سے عاری ہوتی جا رہی ہے اور ناامیدی اور مایوسی کی دلدل میں تیزی سے دھنستی جا رہی ہے اور بہر طور تباہی کی طرف بڑھ رہی ہے۔

قرآن کریم کے بیان کردہ اصولوں کے مطابق (جن میں سے ایک یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کسی قوم کے بُرے اعمال کی وجہ سے اسے سزا دینے اور صفحۂ ہستی سے اس کا نام و نشان مٹانے کا فیصلہ کرنے سے قبل لوگوں کو آنے والی تباہی سے خبردار کرنے کے لئے اپنے کسی مامور کو مبعوث فرماتا ہے۔) ہم اس بات پر ایمان رکھتے ہیں کہ اسلام میں سلسلہ عالیہ احمدیہ کے بانی حضرت مرزا غلام احمد خدا تعالیٰ کے وہی بندۂ اخص ہیں جنہیں خدا تعالیٰ نے اس لئے بھیجا کہ آپ بنی نوع انسان کو اس کے خالق کی طرف واپس لائیں اور انہیں خبردار کریں کہ اگر وہ اس کی آواز پر کان نہیں دھریں گے تو ان کا تباہی سے دوچار ہونا مقدر ہے۔ حضرت احمد ۱۸۳۵ء میں ہندوستان کی ایک گمنام بستی قادیان میں پیدا ہوئے تھے۔ ۱۸۸۹ء میں آپ نے دعویٰ کیا کہ آپ وہی موعود ہیں جس کی آمد کی قدیم مذہبی کتب میں پیشگوئی موجود ہے۔ اور خود حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس کے مبعوث ہونے کی بشارت دی ہے۔

اس زمانے کے متعلق بعض انذاری پیشگوئیاں

اب میں حضرت احمد کی تحریرات میں سے بعض اقتباسات پڑھوں گا جن میں آپ نے یہ پیشگوئی فرمائی ہے کہ اگر انسان نے اپنی اصلاح نہ کی اور اپنے خالق کی طرف رجوع نہ کیا تو انسان کو ہولناک تباہیوں کا منہ دیکھنا پڑے گا۔

۱۹۰۵ء میں آپ نے اپنی ایک نظم میں فرمایا:۔

۱۔ اک نشاں ہے آنے والا آج سے کچھ دن کے بعد
جس سے گردش کھائیں گے دیہات و شہر و مرغزار
آئے گا قہرِ خدا سے خلق پر وہ انقلاب
اک برہنہ سے نہ یہ ہوگا کہ تا باندھے ازار
اک جھپک میں یہ زمیں ہو جائے گی زیر و زبر
نالیاں خوں کی چلیں گی جیسے آب رود بار
مضمحل ہو جائیں گے اس خوف سے سب جن و انس
زار بھی ہوگا تو ہوگا اس گھڑی با حال زار
اک نمونہ قہر کا ہوگا وہ ربانی نشاں
آسماں حملے کرے گا کھینچ کر اپنی کٹار
وہ تباہی آئے گی شہروں پہ اور دیہات پر
جس کی دنیا میں نہیں ہے مثل کوئی زینہار
ایک ہی گردش سے گھر ہو جائیں گے مٹی کا ڈھیر
جس قدر جانیں تلف ہوں گی نہیں اس کا شمار

۲۔ آپ نے مزید فرمایا:۔

پھر چلے آتے ہیں یارو زلزلہ آنے کے دن ؛ زلزلہ کیا اس جہاں سے کوچ کر جانے کے دن
وہ چمک دکھلائے گا اپنے نشاں کی پنج بار ؛ یہ خدا کا قول ہے سمجھو گے سمجھانے کے دن

(حقیقۃ الوحی)

۳۔ ایک الہام کے ذریعہ حضرت احمد کو بتایا گیا:۔

"خدا تجھے قیامت والا زلزلہ دکھائے گا۔ اُس دن کہا جائے گا آج کس کا ملک ہے؟ کیا اس خدا کا ملک نہیں جو سب پر غالب ہے؟ اور میں اس زلزلہ کے نشان کی پنج مرتبہ تم کو چمک دکھلاؤں گا۔ اگر چاہوں تو اُس دن دنیا کا خاتمہ کر دوں۔" (حقیقۃ الوحی صفحہ ۹۳)

۴۔ جیسا کہ حضرت احمد نے جن پر یہ الہام نازل ہوا خود واضح فرمایا ہے ان پیشگوئیوں میں زلزلہ کا جو ذکر آیا ہے اسے لفظی معنوں پر ہی نہ محمول کیا جائے بلکہ اس سے مراد ایسی دیگر آفات بھی ہو سکتی ہیں جن کی کوئی مثال قبل ازیں دیکھنے میں نہ آئی ہو۔ آپ نے موجودہ تہذیب کو ان الفاظ میں خبردار فرمایا:۔

"زمین پر اس قدر تباہی آئے گی کہ اُس روز سے کہ انسان پیدا ہوا ایسی تباہی کبھی نہیں آئی ہوگی اور اکثر مقامات زیر و زبر ہو جائیں گے کہ گویا ان میں کبھی آبادی نہ تھی اور اس کے ساتھ اور بھی آفات زمین و آسمان میں ہولناک صورت میں پیدا ہوں گی۔ یہاں تک کہ ہر ایک عقلمند کی نظر میں وہ باتیں غیر معمولی ہو جائیں گی۔ اور ہیئت اور فلسفہ کی کتابوں کے کسی صفحہ میں ان کا پتہ نہیں ملے گا تب انسانوں میں اضطراب پیدا ہوگا کہ یہ کیا ہونے والا ہے اور بہتیرے نجات پائیں گے اور بہتیرے ہلاک ہو جائیں گے۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے علمی لیکچر (نو وا پارک ہوٹل نیویارک) کا ایک اور منظر

Digitized by Khilafat Library Rabwah

وہ دن نزدیک ہیں بلکہ میں دیکھتا ہوں کہ دروازہ پر ہیں کہ دنیا قیامت کا نظارہ دیکھے گی اور نہ صرف زلزلے بلکہ اور بھی ڈرانے والی آفتیں ظاہر ہوں گی۔ کچھ آسمان سے اور کچھ زمین سے۔ یہ اس لئے کہ نوع انسان نے اپنے خدا کی پرستش چھوڑ دی ہے اور تمام دل اور تمام ہمت اور تمام خیالات سے دنیا پر ہی گر گئے ہیں۔

اے یورپ تو بھی امن میں نہیں! اے ایشیا تو بھی محفوظ نہیں اور اے جزائر کے رہنے والو! کوئی مصنوعی خدا تمہاری مدد نہیں کرے گا۔ میں شہروں کو گرتے دیکھتا ہوں اور آبادیوں کو ویران پاتا ہوں۔ وہ واحد یگانہ ایک مدت تک خاموش رہا اور اس کی آنکھوں کے سامنے مکروہ کام کئے گئے اور وہ چپ رہا۔ مگر اب وہ ہیبت کے ساتھ اپنا چہرہ دکھلائے گا۔ جس کے کان سننے کے ہوں سنے کہ وہ وقت دور نہیں۔ میں نے کوشش کی کہ خدا کی امان کے نیچے سب کو جمع کروں پر ضرور تھا کہ تقدیر کے نوشتے پورے ہوتے۔ میں سچ سچ کہتا ہوں کہ اس ملک کی نوبت بھی قریب آتی جاتی ہے۔ نوح کا زمانہ تمہاری آنکھوں کے سامنے آجائے گا اور لوط کی زمین کا واقعہ تم بچشم خود دیکھ لوگے مگر خدا غضب میں دھیما ہے۔ توبہ کرو تا تم پر رحم کیا جائے۔ جو خدا کو چھوڑتا ہے وہ ایک کیڑا ہے نہ کہ آدمی اور جو اس سے نہیں ڈرتا وہ مردہ ہے نہ کہ زندہ"۔ (حقیقۃ الوحی صفحہ ۲۵۶-۲۵۷)

ان پیشگوئیوں پر ایک ساتھ غور کیا جائے تو یہ امر واضح ہو جاتا ہے کہ حضرت احمد نے نوع انسانی کو پانچ بڑی تباہیوں سے خبردار کیا ہے۔ دنیا بڑے بڑے زلزلے اور دو عالمی جنگیں دیکھ چکی ہے۔ جن کے ذریعہ یہ پیشگوئیاں ابھی جزوی طور پر پوری ہوئی ہیں۔ جہاں تک دو عالمی جنگوں کا تعلق ہے مجھے ان کے بارہ میں زیادہ کچھ کہنے کی ضرورت نہیں کیونکہ ان جنگوں کے نتیجہ میں جو تباہی و بربادی پھیلی اس سے آپ لوگ بدرجہ اولیٰ واقف ہیں۔ میرے پیش نظر فی الوقت آپ کو تیسری عالمی جنگ کے بارہ میں انتباہ کرنا ہے جو نوع انسانی کے سروں پر منڈلا رہی ہے اور عین ممکن ہے کہ یہ جنگ جیسا کہ حضرت احمد نے پیشگوئی فرمائی ہے پانچویں اور سب سے بڑی تباہی ثابت ہو۔ آپ نے خبردار فرمایا ہے کہ آخری تباہی اس قدر ہولناک ہوگی کہ نوع انسان کی تاریخ میں اس قدر ہولناک تباہی پہلے کبھی نہ آئی ہوگی۔ یہ تباہی خلاف توقع اور اچانک رونما ہوگی۔ اور روئے زمین پر بسنے والے تمام انسان اس کی لپیٹ میں آئے بغیر نہ رہیں گے۔ اس کے خوف اور صدمہ سے بہت سے لوگوں کے حواس جاتے رہیں گے۔ اور ان کا دماغی توازن بگڑ جائے گا۔ مسافروں اور راہگیروں کو سخت مصیبت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ بے شمار انسانی جانیں تلف ہو جائیں گی۔ دنیا کا نقشہ ہی بدل جائے گا اور وہ ایک نیا رنگ اختیار کرلے گی۔ انسانی سوچ کا انداز اور نقطہ نظر یکسر بدل جائے گا۔ الغرض ایک انقلاب عظیم رونما ہوئے بغیر نہ رہیگا۔

جیسا کہ میں نے ابھی اشارہ کیا ہے ان میں سے بہت سی پیشگوئیاں بہت ہی حیرت انگیز طریق پر پوری ہو چکی ہیں۔ ان پیشگوئیوں کے پورا ہونے کی ایک نمایاں مثال وہ انتہائی اذیت ناک مصیبت ہے جو زار روس پر ٹوٹی جس زمانہ میں یہ پیشگوئی شائع ہوئی اُس وقت زار کی طاقت اور اس کا اقتدار انتہائی عروج کو پہنچا ہوا تھا۔ لفظاً اور معناً وہ ایک ایسا باجبروت بادشاہ تھا کہ جسے اپنی سلطنت پر کُلّی اقتدار حاصل تھا اور کوئی اس کے سامنے دم نہ مار سکتا تھا۔ اُس وقت اور اُس زمانہ میں حضرت احمد نے دنیا کو خبردار فرمایا کہ وہ وقت قریب ہے کہ جب زار پر ایسی مصیبت ٹوٹے گی کہ اس کی حالتِ زار انتہائی قابلِ رحم ہوگی اور اسے اذیت ناک انجام سے دوچار ہونا پڑے گا۔ خدا کے کام عجیب ہیں۔ ۱۹۰۵ء میں اس پیشگوئی کے شائع ہونے کے بعد چند ماہ کے اندر اندر روس میں وہ سیاسی پارٹی اُبھری جس نے اگلے چودہ سال کے اندر ایسے حالات پیدا کر دیئے کہ جن کے نتیجہ میں یہ عظیم الشان پیشگوئی حرف بحرف پوری ہوئی۔

جب ۱۹۰۵ء میں حضرت احمد نے آسمانی حملوں اور فضا سے آگ برسنے کی پیشگوئی

نو وا پارک ہوٹل میں خطاب کے بعد حضور ایدہ اللہ تعالیٰ سوالوں کے جواب دے رہے ہیں۔

فرمائی اُس وقت فضائی حملوں کا سرے سے کوئی امکان نہ تھا اور کوئی ان کا تصور بھی نہ کر سکتا تھا۔ فضائی اڑان کی جہت میں ترقی ابھی بہت دُور کی بات تھی۔ رائٹ برادران (WRIGHT BROTHERS) فضا میں اڑنے والی مشین ایجاد کرنے کی جدوجہد کے دوران ابھی تجربات کے ابتدائی مراحل میں سے گذر رہے تھے۔ اس پیشگوئی کے شائع ہونے کے تین سال بعد ستمبر ۱۹۰۸ء میں رائٹ برادران نے فضا میں اڑنے کا دوسرا کامیاب تجربہ کیا اور یہ مرحلہ تو ابھی کئی سال بعد آنا تھا کہ انسانی تاریخ میں پہلی بار بموں کی شکل میں ہلاکت خیز آگ برسانے کے لئے ہوائی جہاز استعمال ہوں۔

کہنے والے کہہ سکتے ہیں کہ جن پیشگوئیوں کا میں ذکر کر رہا ہوں اُن کا تعلق ایٹمی دور سے پہلے کے زمانہ سے ہے اور حضرت احمد کے زمانہ میں زرخیز دماغ رکھنے اور تخیلات کے ذریعہ مستقبل میں جھانکنے کی اہلیت رکھنے والا کوئی بھی شخص ایسے واقعات رونما ہونے کی پیشگوئی کر سکتا تھا۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا زرخیز تخیلاتی ذہن رکھنے والا کوئی شخص ۱۹۰۸ء میں جبکہ ابھی کسی کے وہم و گمان میں بھی یہ بات نہ تھی کہ جوہری اسلحہ بھی بنایا جا سکتا ہے ایک ایسی ہولناک تباہی و بربادی کے رونما ہونے کی خبر دے سکتا تھا جو صرف جوہری ہتھیاروں کے نتیجہ میں ہی آسکتی تھی؟ اس کے باوجود ہم دیکھتے ہیں کہ حضرت احمد نے اُس زمانہ میں یہ پیش گوئی فرمائی کہ وہ تباہی و بربادی جو انسان پر آنے والی ہے اتنی ہولناک اور ہمہ گیر ہوگی کہ دنیا کے بعض علاقوں سے زندگی کا نام و نشان مٹ جائے گا یعنی ہر جاندار چیز فنا ہو جائے گی۔ یہ ایک ایسی غیر معمولی اور عجیب و غریب تباہی کی نشاندہی ہے جو مروجہ ہتھیاروں کے ذریعہ رونما ہو ہی نہیں سکتی تھی۔ چنانچہ آپ نے فرمایا:۔

"زمین پر اس قدر تباہی آئے گی کہ اُس روز سے کہ انسان پیدا ہوا ایسی تباہی کبھی نہیں آئی ہوگی۔ اور اکثر مقامات زیر و زبر ہو جائیں گے کہ گویا ان میں کبھی آبادی نہ تھی"۔

اقوامِ عالم کے لئے انتباہ

اس طرح اگر دیکھا جائے تو آخری زمانہ میں نوع انسان پر آنے والی مہیب آفتوں کے متعلق تباہی و بربادی کا جو نقشہ قرآن نے بیان کیا ہے حضرت مرزا غلام احمد کی پیشگوئیوں میں اسے ہو بہو دوہرایا گیا ہے۔

تاہم اس ضمن میں یہ بتانا بھی ضروری ہے کہ انسان اگر سچی ندامت، خلوصِ دل اور نیک نیتی کے ساتھ اپنے خالق و مالک کی طرف رجوع کرے تو وہ اس ہولناک انجام سے بچ سکتا ہے۔ اسے قلبی ندامت اور کمال درجہ عاجزی کے ساتھ آستانۂ الٰہی پر گرنا چاہیئے۔ اسے اپنے گناہوں اور خطا کاریوں کی معافی مانگتے ہوئے خدا تعالیٰ سے رحم کی بھیک مانگنی چاہیئے۔ اسے چاہیئے کہ وہ ہر قسم کے تکبر، خود پسندی اور خود غرضی سے کنارہ کش ہو جائے۔ اسے اپنے دل کو ہر قسم کی گندگی اور اباحت سے پاک کر کے خدا تعالیٰ سے اس کی نصرت کا طالب ہونا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

چاہیئے اور اسے دعا کرنی چاہیئے کہ وہ صراطِ مستقیم کی طرف اس کی رہنمائی کرے اور اسے سیدھے راستہ پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اگر انسان ایسا کرے گا تو خدا ضرور رجوع برحمت ہوگا اور صداقت کے ہر متلاشی کی وہ صراطِ مستقیم کی طرف رہنمائی کرے گا، وہی صراطِ مستقیم جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بتایا ہوا راستہ ہے یعنی اسلام کا متعین کردہ راستہ۔ جب تک انسان ہر قسم کی کجروی کو نہیں ترک کرے گا اور جب تک انسانی معاشرہ ہر قسم کی اونچ نیچ اور عدم مساوات سے پاک نہیں ہوگا اُس وقت تک نوعِ انسان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق نہیں ملے گی، جن کی لائی ہوئی تعلیم خود قرآن مجید کی رو سے ہر قسم کی کجی سے مبرا ہے جیسا کہ خود قرآن مجید میں آتا ہے:۔

[illegible] (طٰہٰ: ۱۰۹)

(وہ پکارنے والا جس کی تعلیم میں کوئی کجی نہیں)

یہ اس اقرار اور اُن بشارتوں کا انتہائی مختصر خلاصہ ہے جن کے ساتھ آج نوعِ انسانی کا مقدر وابستہ ہے۔

پہلے تو خود خالق خدا نے قرآن مجید میں اُس بنیادی اصل کو واضح فرمایا ہے جس کے تحت وہ عذاب [illegible] اور رجوع برحمت ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

[illegible] وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ

(الاعراف: ۱۵۷)

ترجمہ: میں جس (مستحق) کو چاہوں گا اپنا عذاب دوں گا لیکن میری رحمت ہر چیز پر حاوی ہے۔

اس قرآنی اصل کو مدنظر رکھتے ہوئے میں حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام کے چوتھے خلیفہ اور جماعت احمدیہ کے امام کی حیثیت سے آپ لوگوں کو دعوت دیتا ہوں کہ آپ اس خدا کی طرف رجوع کریں جو میرا بھی رب ہے اور آپ کا بھی رب ہے۔ میں آپ تک یہ خوشخبری پہنچاتا ہوں کہ تباہی اور بربادی مسلط ہونے کی پیشگوئیوں کو ٹالا جا سکتا ہے اور انسان خدا تعالیٰ کے عذاب کا مورد بننے کی بجائے اس کی رحمتوں اور فضلوں کا وارث بن سکتا ہے۔

ناانصافی اور عدم مساوات پر مبنی سوسائٹی کو ایک اخوت اور مساوات کے آئینہ دار معاشرہ میں بدلا جا سکتا ہے لیکن ایک شرط ہے اور وہ اکیلی شرط یہ ہے کہ انسان کو چاہیئے کہ وہ اپنے خالق کی طرف رجوع کرے اور پورے خلوص کے ساتھ ندامت کا اظہار کرتے ہوئے اس کے ساتھ زندہ تعلق قائم کرے۔

موجودہ زمانہ میں انسان کی قابلِ رحم حالت دیکھ کر میرا دل درد اور کرب کی وجہ سے خون کے آنسو روتا ہے۔ بنی نوع انسان کی محبت اور اپنے ہم جنسوں کی ہمدردی مجھے مجبور کرتی ہے کہ میں آپ صاحبوں کو دعوت دوں کہ آپ اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ رسول محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی اختیار کریں اور آپؐ کے نقشِ قدم پر چلیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک ادنیٰ غلام کی حیثیت سے آپ صاحبان سے میری بڑی ہی مخلصانہ درخواست ہے کہ آپ میری اس دعوت کی طرف بڑی سنجیدگی سے متوجہ ہوں اور کھلے دل اور کھلے ذہن کے ساتھ اس پر غور کریں۔

اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس دَور کے انسان کو اپنی حالت کو بدلنے، اپنے اطوار کی اصلاح کرنے اور جھوٹے خداؤں کی پرستش سے باز آنے کی توفیق عطا فرمائے۔ خدا کرے کہ وہ یونسؑ نبی کے پیروؤں کی طرح اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کے آستانہ پر ڈال دیں اور ہر شہر اور ہر قصبہ میں خدائے واحد کی طرف رجوع کرنے اور جھکنے کا ہم وہی نظارہ دیکھیں جیسا کہ یونسؑ نبی کی قوم کے کردار میں دنیا نے دیکھا تھا۔

اے خدا تو ایسا ہی کر۔

اوسلو (ناروے) کی استقبالیہ تقریب میں میئر نورایگن سے گفتگو

سلام

بحضور حضرت خلیفۃ المسیح الرابع

ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

سلام اُس پر جسے حق نے خلافت کی ردا بخشی
ملا جس کو بفضلِ ایزدی یہ رُتبۂ عالی

سلام اُس پر ملی جس کو قیادت اِس جماعت کی
مسیحِ پاک نے خود آپ تھی جس کی بنا ڈالی

سلام اُس پر کہ جو ہے مہبطِ انوارِ یزدانی
ہوئی ہے جس سے چوتھی بار ظاہر قدرتِ ثانی

سلام اُس پر بنا جو جانشینِ حضرتِ ناصر
کلام اللہ کا جس سے شرف پھر ہو گیا ظاہر

سلام اُس پر جماعت کو ملی جس سے شکیبائی
وہ جس کے دم قدم سے دین نے پھر تمکنت پائی

سلام اُس پر بیوت الحمد کی جس نے بنا رکھی
غریبوں بے کسوں سے یوں کیا اظہارِ ہمدردی

سلام اُس پر جو حسنِ سیرت و صورت میں ہے یکتا
جنابِ مصلحِ موعود و مریم کا جگر گوشہ

سلام اُس پر فصاحت جس کی ہے تقریر کا خاصہ
بلاغت کا ہے اک اعلیٰ نمونہ جس کا ہر جملہ

سلام اُس پر جسے قرآن سے ہے عشقِ لاثانی
احادیثِ نبیؐ سے جس کو اک نسبت ہے روحانی

سلام اُس پر خدا سے جس کا اک زندہ تعلق ہے
وہ جس کی خاکِ پا پر میرا ہر ذرہ تصدق ہے

سلام اُس میرے آقا پر کہ طاہر نام ہے جس کا
محمدِ مصطفیٰ کے دیں کی خدمت کام ہے جس کا

مکرم آفتاب احمد صاحب بسمل کراچی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

یورپ میں اسلام کا شاندار مستقبل

مکرم ڈاکٹر قیس مینائی کراچی

میں بھی پروردۂ اسلام رہا ہوں صدیوں
یاد کر کر کے یہ کہتا تھا ہمارا اندلس

پھر مجھے سلکِ محبت میں پرو لو آکر
کر رہا تھا ہمیں رہ رہ کے اشارا اندلس

خیر سے جبکہ ہوا حضرتِ مہدی کا ظہور
مضطرب ہو کے بہت پھر تو پکارا اندلس

حضرتِ مصلحِ موعود تھے بے چین ادھر
اور اسپین اُدھر منتظر و چشم براہ

حکم سے حضرتِ محمود کے مانندِ ایاز
چل پڑا اپنا "ظفر" مردِ حقیقت آگاہ

کر کے اس مردِ حق آگاہ نے حق کی تبلیغ
حق ادا کر دیا تبلیغ کا ماشاء اللہ

اہلِ اسپین کے دل جیت لئے "ناصر" نے
آپ نے وہ نظرِ چشمِ محبت ڈالی

ملکِ اسپین کا آئین بدلوا ڈالا!
پائے توثیق میں زنجیرِ مروت ڈالی

نور سے پیدرو آباد کو آباد کیا
ظلمتِ کفر میں بنیادِ اخوت ڈالی

قلبِ یورپ میں وہ توحید کا جھنڈا گاڑا
سرنگوں ہو گئے تعظیم کو تثلیث و صلیب

کیوں نہ تعمیرِ بشارت سے ہو راضی اللہ
کیوں نہ مسرور ہو اللہ تعالیٰ کا حبیبؐ

ہو گئی پیدرو آباد میں مسجد تعمیر
اہلِ یورپ ہوئے اسلام کے کچھ اور قریب

بارآور ہوا اندلس میں درختِ تبلیغ
کیوں نہ پھر خلد میں مسرور ہو روحِ محمود

کیوں نہ فردوس میں پھر جشن منائیں ابرار
کیوں نہ جنت میں ہوں پھر شاد مسیحِ موعود

یہ خوشی عالمِ اسلام مبارک ہو تجھے
لاکھ ناراض ہو شیطانِ لعین و مردود

پھر سے مستقبلِ اسلام ہوا ہے روشن
از سرِ نو ہوئی تثلیث پہ غالب توحید

کس نے اسپین میں دروازہ مسجد کھولا
کس کو اللہ تعالیٰ نے عطا کی ہے کلید

طاہر احمد کہ جو ہے قوم کا سرخیل و امام
دور میں جس کے ہوئی عالمِ اسلام کی عید

خاکِ اندلس کو دیا تو نے جو نذرانۂ جاں
پھر سے بیدار دلوں میں ہوا احساسِ زیاں

سالہا سال چٹانوں سے تو ٹکرایا ظفر!
کر لیا سر تری ہمت نے مگر کوہِ گراں

آ گیا اک نئی تعمیر کے سامان لئے
پیدرو آباد میں اک قافلۂ ہم نفساں

سینکڑوں سال کلیسا کا گجر سننے کے بعد
مرتعش اس کی فضا میں ہوئی آوازِ اذاں

چل کے اسپین سے یہ مژدۂ جاں بخش ہوا
صوت و تصویر کی لہروں پہ ہر اک سمت رواں

لے اڑے کتنے صحیفوں کے صحافی یہ خبر
شرق اور غرب میں یہ بات ہوئی ورد زباں

جانے کیوں اتنے پریشاں ہیں ترے شہر کے لوگ!
در مقفل ہیں، دریچے بھی ہوئے بند یہاں!

غم نہ کر تو، تری قربانگہِ جذبۂ شوق
پھر سے بن جائے گی جولانگہِ زندہ دلاں

مل گئی تیرے جنوں کو دلِ ناصرؒ کی تڑپ
آہ وہ دل تھا کہ اک کارگہِ شیشہ گراں

علم کے چشمے پھر اس خاک سے پھوٹیں گے نئے
چشمِ طاہر ہوئی جس خاک پہ خونابہ فشاں

وہ شریکِ سفرِ زیست تری، اس کو سلام
سارے ارمانوں کو تج کر جو رہی شعلہ بجاں

ہدیۂ لختِ جگر لے گئے اللہ کے پاس
کتنے خوش بخت خوش اقبال تھے وہ باپ وہ ماں

اے ظفر! اے مرے ہسپانیہ کے عطر فروش!
تو اڑا لایا ہے کس باغ سے خوشبوئے جناں

دل کھنچے آئیں گے اب پیار کی زنجیروں سے
"ہے یہ تقدیر خداوند کی تقدیروں سے"

مکرم عبدالمنان ناہید صاحب
راولپنڈی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مسجد بشارت سپین کے تاریخ ساز افتتاح کا عالمگیر چرچا

دنیا بھر کے اخبارات میں شائع ہونیوالی بعض خبروں کے تراجم

(حضور کے حالیہ دورۂ یورپ کے خوشکن اثرات کی ایک جھلک)

قرطبہ (سپین) کے نواح میں ساڑھے سات سو سال بعد تعمیر ہونے والی تاریخ ساز مسجد "بشارت" کا تاریخی افتتاح پندرہویں صدی ہجری کے اوائل میں رونما ہونے والا ایک ایسا انقلاب انگیز واقعہ ہے جس نے اقصائے عالم میں تہلکہ مچا کر ساری دنیا کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ دنیا بھر کے اخبارات کئی ہفتوں تک نہایت مفصل خبروں، ادارتی تبصروں، تفصیلی مضامین اور مسجد کی افتتاحی تقریب کے بڑے سائز کے فوٹوؤں کی شکل میں تاریخ کا دھارا موڑنے والے اس انقلاب انگیز واقعہ کی صدائے بازگشت سے گونجتے رہے ہیں اور ہنوز گونج رہے ہیں اسی طرح حضور کے نو ۹ ملکوں پر پھیلے ہوئے حالیہ دَورۂ یورپ کی خبریں بھی دنیا بھر کے اخبارات میں بڑی کثرت سے شائع ہوئیں۔

ہم نے کوشش کی کہ عالمی اخبارات میں شائع ہونیوالی خبروں، ادارتی تبصروں، تفصیلی مضامین اور فوٹوؤں کے تراشے حاصل کر کے ان کے عکس اور اردو تراجم یکجائی صورت میں شائع کئے جائیں۔ ہر چند کہ اقصائے عالم سے دنیا بھر کے ممالک کے اخبارات یا انکے تراشے حاصل کرنا ایک دقت طلب امر تھا تاہم دنیا کی مختلف زبانوں کے تراشوں کو اردو میں منتقل کرنے کا اہتمام بھی کچھ کم مشکل نہ تھا۔ مختلف ملکوں اور زبانوں کے جو تراشے دستیاب ہو سکے ہیں اور ان میں سے جن کو اردو میں منتقل کیا جا سکا ہے ان میں سے بعض کے عکس اور تراجم آئندہ صفحات میں ہدیۂ قارئین کئے جا رہے ہیں۔ ان کے یکجائی مطالعہ سے یہ حقیقت آشکار ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے سیدنا حضرت المصلح الموعود خلیفۃ المسیح الثانی نور اللہ مرقدہٗ کا یہ عزم مسلسل عمل میں ڈھلتا چلا آ رہا ہے ؎

محمود کر کے چھوڑیں گے ہم حق کو آشکار
رُوئے زمیں کو خواہ ہلانا پڑے ہمیں

Digitized by Khilafat Library Rabwah

زیورک (سوئٹزرلینڈ) میں پریس کانفرنس کا ایک منظر

زیورک میں حضور ایدہ اللہ پریس کانفرنس سے خطاب فرما رہے ہیں

امریکی قونصل جنرل ڈاکٹر الفریڈ برنیارڈ کے ساتھ زیورک میں دیئے گئے استقبالیہ میں محو گفتگو
(۳۰ اگست ۱۹۸۲ء)

برمنگھم ۔ حضور کے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ کے شرکاء

نووا پارک ہوٹل زیورک میں استقبالیہ میں حضور کے دائیں۔ آسٹریا کے قونصل جنرل ڈاکٹر سیگور اور مغربی جرمنی کے قونصل جنرل آرڈیر نیکر۔ اور بائیں طرف لکسمبرگ کے قونصل جنرل پروفرٹز
(۳۰ اگست ۱۹۸۲ء)

بریڈفورڈ کی لارڈ ڈپٹی میئر صاحبہ حضور ایدہ اللہ کو خوش آمدید کہہ رہی ہیں۔



حضور ایدہ اللہ سفر یورپ ۱۹۸۲ء کے اراکین وفد کے ہمراہ۔ دائیں سے بائیں صاحبزادہ مرزا فرید احمد ناصر احمد بہادر شیر۔ مسعود احمد دہلوی۔ چوہدری انور حسین۔ حضور ایدہ اللہ۔ صاحبزادہ مرزا انس احمد۔ محمود احمد چوہدری حمید اللہ۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

غرناطہ سپین — روزنامہ غرناطہ DIARIO DE GRANADA ۸ ستمبر ۱۹۸۲ء

حضرت مرزا طاہر احمد صاحب، الحمراء میں

ہم محبت سے وہ جیتنے آئے ہیں جو ہم نے تلوار سے کھو دیا

Director
Administración: Virgen de Montserrat, 20
Alhamaze del Genil
Teléfonos
22-54-36 ● 22-54-93
22-54-95 ● 22-55-19
Depósito Legal: GR 59 - 1982

DIARIO DE GRANADA

Edita: Andaluza de Información, S.A.
Publicidad: 22-35-60/1
Carrera del Genil, 9, 1.º
Distribución: Virgen de Montserrat, 20, bajo.
Año I - Número 112
Martes, 7 de Septiembre de 1982
30 Pesetas

Hazrat Mirza, en la Alhambra

"Venimos a ganar con amor lo que perdimos con la espada"

Hazrat Mirza Ahmad, jefe supremo de la comunidad Ahmadia, que permaneció ayer en nuestra ciudad, dedicó toda la mañana a visitar la Alhambra y el Generalife, acompañado de su esposa, hija y otros miembros de Ahmadia, entre ellos el responsable de la comunidad en España.

El verdadero Generalife

Al finalizar la visita, Hazrat Mirza Tahir expresó a DIARIO DE GRANADA: "La visita real de la Alhambra es de mayor importancia que lo que se lee sobre ella en los libros. En vista del poco tiempo que hemos podido contemplar todas las obras de arte que se encierran aquí. La mejor forma de ver la Alhambra es como la vio Washington Irving cuando estuvo viviendo en ella antes de iniciar la escritura de sus cuentos. Por desgracia no dispongo de más tiempo. He encontrado un ambiente encantador. La Alhambra está llena de memorias del pasado. La parte más amarga de este encuentro es la que ha quedado enterrada aquí a lo largo de la Historia, la más maravillosa es la escapada en los recintos de los palacios, donde se recuerda a Dios.

"Más de mil veces alabado sea nombre ha sido escrito en los palacios y por ello es la zona más bonita porque no se borrará. Espero que la gente de Granada guarde el recuerdo de Dios porque el verdadero Generalife es el lugar donde está recogido el nombre de Dios. El concepto de Dios recogido en los mosaicos puede ser cambiado, pero el concepto profundo nunca podrá destruirse a lo largo del tiempo."

"Los sentimientos de alegría no se pueden separar de los de tristeza en los que hay tantos recuerdos del pasado."

El jefe religioso de Ahmadia junto a su esposa y acompañantes en el Generalife

Asimismo agradeció la atención del gesto que le acompañó, manifestó que la gente de Granada "es muy hospitalaria" y añadió: "Estoy muy impresionado y contento por la disposición con que la Prensa de la ciudad se ha portado con nosotros. El hecho que mañana DIARIO DE GRANADA, he observado que mis manifestaciones se han reflejado con absoluta imparcialidad y una gran objetividad, la cual deseo que perdure."

El jefe supremo de Ahmadia visitó por la tarde Sierra Nevada y esta mañana ha partido hacia Córdoba. Antes de emprender el viaje a la Sierra dijo: "Mi último mensaje es quiero expresar que hemos venido a ganar con amor lo que perdimos con la fuerza de la espada."

José L. Masegosa

جماعت احمدیہ کے سربراہ حضرت مرزا [illegible] شہر میں رہے۔ آپ نے [illegible] الحمرا اور جنت اللطیف (رانا [illegible]) دیکھنے میں گزارا۔ آپ کے ہمراہ [illegible] نیز دیگر اہلی افراد اور [illegible] جماعت احمدیہ کے ذمہ دار عہدیدار [illegible]

[illegible] جنت اللطیف کی سیر کے بعد حضرت [illegible] نے [illegible] فرمایا۔

الحمرا کے متعلق جو کچھ ہم کتابوں میں پڑھتے ہیں اس کی نسبت اس کی سیر کہیں زیادہ معلومات خیز ہے۔ ہم نے بہت تھوڑے سے وقت میں اس فنی شاہکار کا معائنہ تو [illegible] کیا ہے الحمرا کو دیکھنے کا صحیح طریقہ تو وہی ہے جس طرح کہ واشنگٹن ارونگ نے اس کو دیکھا تھا۔ افسوس ہے کہ میرے پاس زیادہ وقت نہیں ہے۔ ہم نے اسے بہت عمدہ پایا۔ الحمرا ماضی کی یادوں سے بھرا پڑا ہے زیادہ تلخ حصہ تو وہ ہے جو تاریخ کے ایک لمبا عرصہ گزرنے کے نتیجہ میں یہاں مدفون ہو چکا ہے۔ الحمرا کا زیادہ حسین اور خوبصورت حصہ وہ تحریریں ہیں جو اس کی دیواروں پر کندہ ہیں اور جنہیں دیکھ کر خدا یاد آجاتا ہے ہزاروں دفعہ ایک نام کو خوبصورت طریقے سے دیواروں پر لکھا گیا ہے اور یہی سب سے خوبصورت حصہ ہے جو کبھی نظر انداز نہیں ہو سکتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ غرناطہ کے لوگ خدا تعالیٰ کی یاد کو اس طرح سے اپنے اندر محفوظ کئے ہوئے ہیں کیونکہ حقیقی جنت اللطیف وہ جگہ ہے جہاں پر خدا کا نام لکھا ہوا ہے خدا کا نام تو ان تحریروں سے مٹایا جا سکتا ہے لیکن اس کی حقیقی یاد کو یہاں سے باوجود وقت کے گزر جانے کے مٹایا نہیں جا سکتا۔

خوشی و غم کے جذبات کو علیحدہ علیحدہ نہیں کیا جا سکتا کیونکہ ان کے لئے یہاں پر گزری ہوئی یادوں میں بہت سی باتیں موجود ہیں۔

اسی طرح آپ نے اپنے گائیڈ کی توجہ اس طرف مبذول کروائی اور شکریہ کے جذبات کا اظہار کیا کہ غرناطہ کے لوگوں نے بہت اچھا ہمارا استقبال کیا ہے وہ بہت مہمان نواز ہیں آپ نے اس بات پر بڑی حیرانگی کا اظہار فرمایا کہ یہاں کے پریس نے میری آمد کو بہت عمدہ طریق سے بیان کیا ہے ڈیلی غرناطہ کو جب میں نے کل دیکھا تو مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ میری باتوں اور میرے اظہار رائے کو انہوں نے بہت غیر جانبداری کے ساتھ بیان کیا ہے میری خواہش ہے کہ یہ چیز ان میں ہمیشہ قائم رہے۔

جماعت احمدیہ کے سربراہ نے شام کے وقت سلسلہ کوہ SIERRA NEVADA (برفانی پہاڑیوں) کی سیر کی اور قرطبہ کے لئے روانہ ہو گئے سلسلہ کوہ (SIERRA NEVADA) سے واپسی پر آپ نے فرمایا کہ میرا آپ کے نام آخری پیغام یہ ہے کہ "ہم یہاں پر محبت کے ساتھ وہ جیتنے کے لئے آئے ہیں جو ہم نے تلوار کی طاقت سے کھو دیا۔"

رپورٹر:
JOSE 'L. MASEGOSA

Digitized by Khilafat Library Rabwah

قرطبہ سپین — روزنامہ لاووز دے کاردوبا "LAVOZ DE CORDOBA" ۱۱ ستمبر ۱۹۸۲ء

مسجد بشارت قرطبہ کے تاریخ ساز افتتاح پر روزنامہ "لاووز" قرطبہ کا اداریہ

"پیدرو آباد کی مسجد"

LA VOZ DE CORDOBA. 11 de Septiembre de 1982

EDITORIAL

Mezquita en Pedro Abad

Detrás de la comprensible emoción que el jefe de la Comunidad Ahmadia, Hazrat Mirza Tahir Ahmad sintió al inaugurar ayer por la tarde en Pedro Abad la mezquita erigida en España por su comunidad musulmana, habia también un hecho de gran significado histórico: la inauguración de la primera mezquita que se construye en la provincia de Córdoba después de siete siglos. Y ello ha sido posible gracias al espiritu de libertad religiosa consagrado por la Constitución y apoyado en la madurez de una sociedad que desde una actitud de tolerancia y respeto, se abre a la convivencia civilizada de las ideas políticas y religiosas.

La mezquita de Pedro Abad, al margen del alto significado religioso que sin duda representa para la comunidad Ahmadía —y que respaldaron con su presencia un millar de paquistanies venidos de todo el mundo, entre ellos relevantes personalidades de la ciencia—, constituye para los cordobeses un monumento a la tolerancia y a la convivencia de credos que históricamente entronca con aquel mismo espíritu tolerante puesto de manifiesto en la época califal cordobesa. Sin entrar en polémicas religiosas internas sobre qué representa la Comunidad Ahmadía originaria de Paquistán dentro del Islam actual, los esbeltos y blancos minaretes de la nueva mezquita alzándose a orillas del Guadalquivir en la cercana villa de Pedro Abad, nos producen una cierta emoción histórica, pues sin renegar de las raíces cristianas que conforman predominantemente a la sociedad cordobesa y andaluza de hoy, constituyen, junto al símbolo de tolerancia que representan, una señal inequívoca de identidad para la recuperación de un pasado histórico al que no es licito renunciar.

En el clima de libertad religiosa que proclama la Constitución, sea bienvenida a Córdoba la Comunidad Ahmadía y su mensaje espiritual para quienes quieran libremente aceptarlo, lejos de toda posible *guerra de religión* que estaría en abierta contradicción con el espíritu de tolerancia y libertad al que los diferentes credos se acogen para establecerse entre nosotros.

La Voz de Córdoba

جماعت احمدیہ نے سپین میں جو مسجد تعمیر کی ہے کل شام اُس کے افتتاح کے موقع پر جماعت احمدیہ کے سربراہ کے چہرہ پر شدّتِ جذبات کی جو کیفیت نمایاں تھی، وہ بلاوجہ نہ تھی، دراصل اس کیفیت کے پسِ پردہ تاریخی اہمیت کی حامل ایک عظیم حقیقت کارفرما تھی وہ حقیقت یہ ہے کہ یہ اُس پہلی مسجد کے افتتاح کا تاریخی موقع تھا جو سپین کی سرزمین میں سات صدیاں گزرنے کے بعد تعمیر ہوئی ہے اس کی تعمیر اس لئے ممکن ہوئی کہ سپین کے آئین میں مذہبی آزادی کی ضمانت دی گئی ہے اور یہ کہ اِس مذہبی آزادی کی ضمانت کو ایک ایسے معاشرہ کی اکثریت کی تائید و حمایت حاصل ہے جس نے سیاسی اور مذہبی نظریات کی مہذبانہ تبلیغ و اشاعت کے لئے اپنے دروازے کھول رکھے ہیں۔ بلاشبہ جماعت احمدیہ نے پیدرو آباد میں جو مسجد تعمیر کی ہے وہ اس کے لئے انتہائی مذہبی اہمیت کی حامل ہے۔ جبھی تو دنیا بھر سے ایک ہزار (ایک ہزار نہیں بلکہ دو ہزار ناقل) احمدی اِس کے افتتاح کے موقع پر یہاں کھنچے چلے آئے۔ ان میں بعض اہم افراد اور نامی گرامی سائنسدان بھی شامل تھے لیکن یہ مسجد خود اہل قرطبہ کے لئے بھی کچھ کم اہمیت کی حامل نہیں۔ اس لئے کہ یہ رواداری اور مذہبی عقائد کی آزادانہ تبلیغ و اشاعت کے سلسلہ میں ایک یادگار عمارت کی حیثیت رکھتی ہے تاریخی لحاظ سے رواداری کے اُس جذبہ اور روح کے ساتھ اِس کا رشتہ جا ملتا ہے جس کا مظاہرہ خلفائے قرطبہ نے اپنے دورِ حکومت میں کیا تھا۔ ہم اس اندرونی مذہبی بحث میں نہیں پڑنا چاہتے کہ موجودہ زمانہ کے اسلامی دائرہ میں پاکستان کی جماعت احمدیہ کی کیا پوزیشن ہے؟ اس بحث میں پڑے بغیر فی الوقت جس امر کا اظہار ہمارے مدِّنظر ہے وہ یہ ہے کہ دریائے وادی الکبیر کے کنارے اور پیدرو آباد کے قصبہ کے قرب میں واقع اِس نوتعمیر شدہ مسجد کے خوبصورت سفید مینار ہمیں ایک خاص تاریخی جذبہ کا احساس دلاتے ہیں۔ اِس حقیقت کا انکار کئے بغیر کہ قرطبہ اور اندلوسیہ کے رہنے والوں کی اکثریت کے دلوں میں عیسائیت کی جڑیں بہت گہری ہیں ہم یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ یہ مینار رواداری کی ایک علامت ہیں اور ایک نشان کی حیثیت رکھتے ہیں اور ان میں تاریخی اہمیت کے حامل ماضی کو دہرانے کا ایک واضح اشارہ مضمر ہے اُس ماضی کو یکسر فراموش کر دینے کا کوئی جواز نہیں ہے۔

اُس مذہبی آزادی کے ماحول میں جس کی سپین کا آئین ضمانت دیتا ہے جماعت احمدیہ اور اس کے روحانی پیغام کا ان لوگوں کو خیر مقدم کرنا چاہیئے جو اسے آزادانہ طور پر قبول کرنا چاہتے ہوں البتہ ہر قسم کے مذہبی جنگ و جدال سے اجتناب ضروری ہے کیونکہ ایسا جنگ و جدال اُس رواداری اور آزادی کی روح کے خلاف ہوگا جس کا مختلف مذاہب ہمارے درمیان پاؤں جمانے وقت پرچار کرتے ہیں۔

(روزنامہ "لاووز" قرطبہ بابت ۱۱ ستمبر ۱۹۸۲ء صفحہ ۲)

مسجد بشارت سپین کی افتتاحی تقریب میں شرکت کرنیوالا جاپانی وفد (دائیں سے بائیں) جاپانی نومسلم محمد اویس کوباشی۔ مبلغ انچارج عطاء المجیب راشد۔ قائد خدام الاحمدیہ مبشر احمد زاہد۔

مسجد بشارت کی تقریب افتتاح کے موقعہ پر حضرت چوہدری ظفر اللہ خان سے گفتگو

Digitized by Khilafat Library Rabwah

6 DIARIO DE GRANADA GRANADA MARTES, 7 DE SEPTIEMBRE DE 1982

Hazrat Nirza, jefe supremo de Ahmadía

"El pueblo español ha abierto las puertas al Islam"

Hazrat Mirza Tahir Ahmad, jefe de la comunidad musulmana Ahmadía, llegó ayer a nuestra ciudad, dado que se encuentra en nuestro país para inaugurar el próximo viernes la Mezquita Basharat, en Pedro Abad, a 32 kilómetros de Córdoba, cuyo importe es de 25 millones

Texto: José L. Masegosa
Fotos: Juan Ferreras

"Mis últimas palabras quieren ser que el hombre se olvide de odiar al hombre", dijo ayer, en el hotel Alhambra Palace, Hazrat Mirza Tahir Ahmad, jefe supremo de la Comunidad Ahmadía del Islam, al finalizar un encuentro con los periodistas, poco después de su llegada a nuestra ciudad, procedente de Málaga.

Hazrat Mirza Tahir Ahmad, es el IV Imán Supremo de la comunidad Ahmadía, reside en Rabwah (Pakistán), fue elegido como tal por la comunidad el diez de junio pasado, tras el fallecimiento de su antecesor, Hazrat Mirza Ahmad, quien colocó la primera piedra de la Mezquita Bashrat de Pedro Abad, en Córdoba, que será inaugurada el próximo viernes, día diez, por este Imán.

Una plataforma de convergencia

La Comunidad Ahmadia fue fundada por Hazrat Ahmad de Qadian (India), en 1.889, quien proclamó bajo revelación divina, ser el Mesías prometido de nuestro tiempo.

Para el Imán Hazrat Mirza Tahir Ahmad: "Nuestra comunidad se diferencia de otras en que estas esperan la llegada del Salvador al mundo y la nuestra cree que Este ya ha venido y por tanto, los cristianos como los musulmanes coincidimos en ello, aunque para nosotros ha venido en una persona que ha asumido sus funciones. La Ahmadía es una plataforma en la que todas las comunidades religiosas pueden converger".

La construcción de la Mezquita Basharat de Pedro Abad, se encuentra situada a treinta y dos kilómetros de Córdoba ya la primera piedra para su construcción fue colocada por Azrat Mirza Ahmad, el nueve de octubre de 1.980.

En cuanto a la actitud de las autoridades españolas respecto a la comunidad, el jefe supremo de la comunidad Ahmadía señaló: "Todas las autoridades españolas han colaborado en la construcción de la Mezquita y en la celebración de los actos de inauguración, excepto el embajador español en Pakistán, que no ha concedido los visados para los mil ahmadíes que querían venir y quienes me han enviado telegramas. Los ahmadíes de todo el mundo han encontrado facilidades para venir a Córdoba. La política del Gobierno español nos ha favorecido en este sentido".

Una gran satisfacción

Acerca de las relaciones entre la comunidad Ahmadía y la Iglesia Católica, el Imán expresó: "Respetamos al Papa en la medida en que es un líder religioso. Pero nuestra actitud es más amplia que la de los católicos, puesto que nuestro concepto del Cristianismo no está distorsionado, en tanto que en los católicos sí lo está".

Hazrat Mirza Ahmad: "Es una gran satisfacción inaugurar la Mezquita Basharat".

En relación a cuál es la actitud de la comunidad Ahmadía respecto a otras comunidades, Hazrat Mirza manifestó: "Nosotros tenemos un gran respeto por las demás comunidades y el mensaje que se da a todas ellas es buscar una conexión, mientras haya amor y no perjuicio".

Para el Imán, "se ha elegido Córdoba para la construcción de la Mezquita porque mi antecesor visitó España y encontró a gente muy hospitalaria, abierta y cariñosa, lo cual es necesario para dar amor y cariño. Al inaugurar esta Mezquita nuestros sentimientos son de gran alegría y satisfacción porque se han dado en España circunstancias en las que se habla creado un clima de conversión al Islam. Esta inauguración significa que el pueblo español ha abierto las puertas al Islam y ello es motivo de satisfacción. Una muestra de este sentimiento es que vendrá llegando gente amadora de todos los pueblos".

Un premio Nobel y un ministro

El acto de inauguración va a consistir en una oración el viernes, "pues este día tiene un gran significado espiritual", un sermón pronunciado por el Imán, descanso, y a las siete la ceremonia oficial de la inauguración con una recitación del Corán y discursos, uno de ellos lo pronunciará el miembro más antiguo de Ahmadía, "que ha visto al Mesías". Además asistirán al acto el premio Nobel de Física de 1.980, que es miembro de esta comunidad. También estará presente el ex-presidente de la ONU, el ministro de Asuntos Exteriores pakistani, así como representantes de Ahmadía en cada continente y diplomáticos.

"La última parte la expondré yo -matizó Hazrat Mirza- y espero que la gente se dé cuenta de la verdad de nuestro mensaje".

Aspecto social

En cuanto a la situación del Islam en Andalucía, el Imán Hazrat Mirza precisó: "Nosotros nos diferenciamos del resto de las comunidades, como los sufíes, de los que tengo conocimiento que se están implantando aquí, en que creemos que para hacer una revolución espiritual no es necesario apartarse del mundo pues hacen ellos, hay que elevar una filosofía".

[illegible]

[illegible]

[illegible]

Digitized by Khilafat Library Rabwah

"میں آخر میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ انسان انسان سے نفرت کرنا بھول جائے۔" یہ ہیں وہ الفاظ جو کہ ہوٹل الحمرا سپین میں مسلم جماعت احمدیہ کے سربراہ حضرت مرزا طاہر احمد صاحب نے پریس نمائندگان کے ساتھ اپنی ملاقات کے دوران فرمائے۔ آپ مالاگا سے ہمارے شہر میں تشریف لائے تھے۔

حضرت مرزا طاہر احمد صاحب جماعت احمدیہ کے چوتھے امام (خلیفہ) ہیں۔ ربوہ پاکستان میں رہتے ہیں دس جون کو جماعت احمدیہ نے آپکو اپنا سربراہ منتخب کیا۔ آپ سے پہلے امام حضرت مرزا (ناصر) احمد صاحب تھے جنہوں نے مسجد بشارت پیدرو آباد (قرطبہ) کا سنگِ بنیاد رکھا تھا جس کا دس تاریخ بروز جمعہ موجودہ امام (خلیفہ) افتتاح فرمائیں گے۔

قدرِ مشترک COMMON PLATFORM

جماعت احمدیہ حضرت احمد آف قادیان کے ذریعہ ۱۸۸۹ء میں قائم کی گئی۔ جنہوں نے آسمانی الہامات کی روشنی میں اس زمانے کا مسیح موعود ہونے کا دعویٰ فرمایا۔ حضرت امام جماعت احمدیہ مرزا طاہر احمد صاحب کے کہنے کے مطابق "ہماری جماعت دوسروں سے اس بات میں مختلف ہے کہ وہ دنیا کے ایک نجات دہندہ کا انتظار کر رہے ہیں اور ہماری جماعت یہ یقین رکھتی ہے کہ وہ نجات دہندہ آگیا ہے۔ اس لحاظ سے عیسائی اور مسلمان آپس میں اس عقیدہ میں ایک دوسرے سے بہت ملتے ہیں اگرچہ ہمارے نزدیک اس نجات دہندہ کی آمد ایک وجود کی صورت میں پوری ہوگئی۔ اس لحاظ سے جماعت احمدیہ ایک ایسا کامن پلیٹ فارم مہیا کرتی ہے جس پر تمام مذہبی جماعتیں اکٹھی ہو سکتی ہیں۔"

مسجد بشارت پیدرو آباد، جو قرطبہ سے ۳۲ کلومیٹر کے فاصلہ پر تعمیر ہوئی ہے اس کا سنگِ بنیاد حضرت مرزا (ناصر) احمد صاحب نے ۹ اکتوبر ۱۹۸۰ء کو رکھا تھا۔ جہاں تک ہسپانوی حکام کا تعلق ہے انہوں نے جو سلوک جماعت احمدیہ کے ساتھ کیا اس کے بارہ میں جماعت احمدیہ کے سربراہ نے فرمایا۔

"تمام سپینش حکام نے مسجد کی تعمیر اور اس کے افتتاح کی تقریبات کے لئے بھرپور تعاون کیا ہے سوائے پاکستان میں ہسپانوی سفیر کے جنہوں نے ایک ہزار احمدیوں کو ویزا مہیا نہیں کیا جو کہ اس تقریب میں شامل ہونا چاہتے تھے ان احباب نے مجھے تاروں کے ذریعہ مطلع کیا ہے۔ جبکہ تمام دنیا کے دیگر احمدیوں کو قرطبہ میں آنے کے لئے ہر قسم کی سہولتیں مہیا کی گئیں۔ اس لحاظ سے ہسپانوی حکومت کی سیاسی حکمت عملی ہمارے لئے فائدہ مند رہی۔"

ایک بڑا ہی باعثِ اطمینان امر

جماعت احمدیہ اور کیتھولک چرچ کے تعلقات کے بارہ میں استفسار پر امام جماعت احمدیہ نے اپنے خیالات کا یوں اظہار فرمایا۔

"ہم پوپ کی ایک مذہبی لیڈر کی حیثیت سے بڑی تعظیم کرتے ہیں۔ ہماری ذمہ داریاں کیتھولک چرچ کی نسبت بہت وسیع ہیں حقیقت یہ ہے کہ ہمارے عقائد عیسائیت کی طرح مسخ شدہ نہیں ہیں جبکہ کیتھولک چرچ کے عقائد تو بہت زیادہ مسخ ہو چکے ہیں۔"

دوسرے مذاہب کے ساتھ جماعت احمدیہ کے تعلقات کے بارہ میں سوال پر حضرت صاحب نے اس بات کا اظہار فرمایا۔

"ہم دوسرے مذاہب کے لئے بہت احترام کے جذبات رکھتے ہیں اور میں سب کو یہ پیغام دیتا ہوں کہ وہ آپس میں ایک قدرِ مشترک تلاش کریں۔ جس کی بنیاد محبت پر ہو نہ کہ ظلم و تعدی پر۔" امام جماعت احمدیہ نے یہ بھی فرمایا کہ۔

"میرے پیشرو امام جماعت جو کہ سپین میں تشریف لائے تھے نے قرطبہ کے لوگوں کو بہت مہمان نواز اور محبت کرنے والے اور کشادہ دل پایا اور یہی چیزیں ضروری ہیں محبت اور الفت کے لئے جو کہ ہمارا مذہب پیش کرتا ہے اسی وجہ سے انہوں نے اس شہر میں مسجد کی تعمیر کو پسند فرمایا ہے۔"

مسجد کے افتتاح کے موقع پر ہم جذباتِ مسرت سے لبریز ہیں اور ہمارا دل مطمئن ہے کیونکہ اس طرح سے ہمیں سپین میں ایسے مواقع ملیں گے جن کے ذریعہ سے اسلام کو متعارف کرایا جائے گا۔ جبکہ پہلے اسلام کے لئے ایسی فضا موجود تھی۔

اس افتتاح کا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ سپینش قوم نے اسلام کے لئے اپنے دروازے وا کر دیئے ہیں اور یہی چیز ہمارے لئے بہت اطمینان کا موجب ہوئی ہے انہی جذبات کی وجہ سے تمام اطراف سے احمدی اس موقع پر یہاں پہنچ رہے ہیں۔"

ایک وزیر اور ایک نوبل انعام یافتہ

افتتاح کی تقریب میں سب سے پہلے جمعہ کی نماز ہوگی (کیونکہ روحانی طور پر یہ دن اپنے اندر بہت تاثیر رکھتا ہے) اس میں امام جماعت احمدیہ ایک خطبہ ارشاد فرمائیں گے۔ پھر تھوڑا سا وقفہ ہوگا اور سات بجے افتتاح کی باضابطہ تقریب ہوگی۔ جس میں تلاوتِ قرآن پاک ہوگی۔ اس کے بعد کچھ تقاریر ہوں گی۔ ان تقاریر میں ایک تقریر جماعت احمدیہ کے ایک بہت ہی قدیم ممبر کی ہوگی۔ جنہوں نے حضرت مسیح موعود کو دیکھا تھا اور جو کہ U.N.O کے صدر اور پاکستان کے وزیر خارجہ بھی رہ چکے ہیں اس کے علاوہ ۱۹۸۰ء کے نوبل انعام یافتہ، جو اس جماعت کے ممبر ہیں، بھی کچھ فرمائیں گے۔ اسی طرح دنیا کے مختلف علاقوں کی جماعت ہائے احمدیہ کے ممبران اور سپینش اکابرین بھی اس میں شامل ہوں گے۔

حضرت مرزا طاہر احمد صاحب نے افتتاحی تقریب کے پروگرام کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ آخر میں میں اپنے خیالات کا اظہار کروں گا اور میں یہ امید رکھتا ہوں کہ لوگ میرے پیغام کی صداقت کو محسوس کریں گے۔

سماجی اور معاشرتی پہلو

اندلس میں اسلام کی حالت سے متعلق امام جماعت احمدیہ حضرت مرزا طاہر احمد صاحب نے فرمایا۔

"ہم تمام دوسری جماعتوں سے مختلف ہیں جیسے کہ مثلاً صوفی ہیں۔ (جن کے بارہ میں مجھے علم ہوا کہ وہ یہاں پر (غرناطہ میں) مقیم ہیں) ہم روحانی انقلاب پر یقین رکھتے ہیں اور اس کے لئے دنیا سے الگ تھلگ ہونے کی ضرورت نہیں سمجھتے جیسا کہ صوفیوں کا عمل ہے ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم ایک فلسفہ دوسروں کے سامنے پیش کریں۔" حضرت مرزا (طاہر احمد صاحب) جو کہ یہاں ہمارے ملک میں کچھ عرصہ قیام فرمائیں گے۔ اس دوران سپین میں جماعت احمدیہ کے مسائل کا حل تلاش کرنے کے لئے ایک مجلسِ شوریٰ بلائیں گے۔

پاکستان کے بارہ میں ایک سوال کے جواب میں آپ نے فرمایا۔ "میں پاکستان کے سیاسی حالات کے متعلق کچھ نہیں کہنا چاہتا کیونکہ میں ایک مذہبی لیڈر ہوں نہ کہ سیاسی۔"

سوال کیا گیا کہ جماعت احمدیہ سارے اندلس میں اپنے نفوذ کے لئے کیا کوئی پروگرام رکھتی ہے؟ آپ نے فرمایا۔

"سپین میں آنے سے پہلے بھی یہاں مساجد پائی جاتی تھیں۔ دوسرا جماعت احمدیہ کا نفوذ تمام دنیا میں ہو رہا ہے۔ اسی نسبت سے ہم سپین میں بھی پہنچ گئے ہیں عیسائی نقطۂ نظر سے شاید اس بات کو سمجھنا مشکل ہو۔"

"ہمیں اس بات کا پورا یقین ہے کہ حضرت عیسیٰ کی آمد ہوگئی اور ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم اس اطلاع اور ان کے پیغام کو ساری دنیا میں پہنچائیں۔"

اندلس میں آنے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ یہاں پر ایک لمبے عرصہ تک مسلمان رہے، اس زمانہ کی تاریخ کو ان عیسائی مؤرخین نے لکھا، جنہوں نے تاریخ کے ساتھ انصاف نہیں کیا۔ اس لحاظ سے ہماری یہ دہری ذمہ داری ہے کہ ہم اہلِ اندلس کو حقیقت سے آگاہ کریں۔"

PAGE 13, MASHRIQ WEEKLY, OCT. 20, 1982



پیدرو آباد (سپین) مسجد بشارت کے افتتاح پر پانچ ہزار افراد نے شرکت کی۔ احمدی جماعت کے امام کے علاوہ چوہدری ظفر اللہ خان اور پروفیسر عبدالسلام نے حاضرین سے خطاب کیا۔

(لندن - برطانیہ) ہفت روزہ مشرق لندن ۲۰ اکتوبر ۱۹۸۲ء

Digitized by Khilafat Library Rabwah

قرطبہ سپین

روزنامہ کورڈوبا ۱۱ ستمبر ۱۹۸۲ء

پیدرو آباد میں مسجد کا افتتاح عمل میں آگیا

اہلِ سپین کے دلوں پر بجز محبت کے کسی طور پر فتح ممکن نہیں

CORDOBA

Director: FEDERICO MIRAZ

Edita M.C.S.E. Sábado, 11 Septiembre 1982 35 pesetas

Director adjunto: JUAN OJEDA



Inaugurada la mezquita de Pedro Abad

Este aspecto presentaban ayer los alrededores de la nueva mezquita ahmadia de Pedro Abad donde musulmanes y habitantes de la localidad vivieron juntos una jornada festiva que marca un hito histórico al ser la primera construida en nuestro país después de siete siglos. Ilustres visitantes entre los que se encontraban el Nobel Abdus Salam y el ex-presidente de la ONU, Zafrullah Khan, se dieron cita en el acto solemne de la inauguración. — (Foto Ricardo)

El jalifa supremo de la comunidad ahmadia se dirige desde el Mirab de la nueva mezquita inaugurada ayer en Pedro Abad a los numerosos fieles de la secta, que desde gran número de países, se desplazaron a dicha localidad cordobesa. — (Foto Ricardo)

قرطبہ سے شائع ہونے والے اخبار "CORDOBA" نے ۱۱ ستمبر کی اشاعت میں مسجد بشارت کی افتتاح کو بعد مختلف صفحوں پر پھیلا کر نہایت نمایاں طور پر شائع کیا۔ اس روز مسجد کے افتتاح کی خبر پورے صفحہ پر چھائی ہوئی تھی اور تمام دوسری خبریں اس کے نیچے دبی ہوئی تھیں۔ اس نے تفصیلی خبر کے علاوہ مختلف صفحوں پر پھیلا کر افتتاحی تقریب کے مختلف پر بڑے سائز کے آٹھ فوٹو بہت نمایاں طور پر شائع کیے۔ ان میں سے پہلے صفحہ پر دو فوٹو شائع کرنے کے علاوہ چار فوٹو تیسرے صفحہ پر، ایک مزید فوٹو بارھویں اور آخری صفحے پر شائع کیے۔

پہلے صفحہ کے فوٹوز

اخبار نے پہلے صفحہ پر جو دو فوٹو شائع کیے ان میں سے ایک فوٹو چار کالموں میں پھیلا ہوا تھا۔ اس فوٹو میں افتتاحی تقریب میں شریک ہونے والے ہزاروں مہمانوں کو کرسیوں پر بیٹھے ہوئے یا ان کے اردگرد کھڑے ہوئے اس طور پر دکھایا گیا تھا کہ مسجد اپنے دو خوبصورت میناروں کے ساتھ (جن کے زیر سایہ یہ تقریب منعقد ہوئی تھی) نمایاں طور پر نظر آرہی تھی۔ اس تصویر کے نیچے اخبار نے لکھا:۔

"پیدرو آباد میں مسجد کا افتتاح عمل میں آگیا"

"یہ پیدرو آباد میں تعمیر کی گئی احمدیہ مسجد کا بیرونی منظر ہے۔ خوشی و مسرت کے آئینہ دار اس موقع پر مسلمانوں اور مقامی باشندوں نے باہم مل کر اظہار مسرت میں شرکت کی۔ یہ ایک تاریخی تقریب تھی کیونکہ یہ ہمارے ملک میں سات صدیوں کے بعد تعمیر ہونے والی پہلی مسجد ہے۔ افتتاح کی پُروقار تقریب کے معزز مہمانوں میں نوبل انعام یافتہ سائنسدان عبدالسلام اور اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے سابق صدر ظفر اللہ خان صاحب بھی شامل تھے۔"

صفحہ اوّل کی دوسری تصویر میں (جو صفحہ کے بقیہ دو کالموں پر چھائی ہوئی تھی) سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کو مسجد کی محراب میں افتتاحی نماز جمعہ کا تاریخی خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے دکھایا گیا۔ اس تصویر کے نیچے اخبار نے جو عبارت درج کی اس کا ترجمہ یہ ہے:۔

"جماعت احمدیہ کے سربراہ اعلیٰ نے کل (۱۰ ستمبر ۱۹۸۲ء) کو پیدرو آباد میں نئی تعمیر شدہ مسجد کی محراب میں کھڑے ہو کر افتتاحی نماز پڑھائی۔ آپ کی جماعت کے کثیر التعداد لوگوں نے، جو دنیا کے مختلف ملکوں سے آکر قرطبہ کے اس نواحی قصبہ میں جمع ہوئے تھے۔ نماز میں شرکت کی۔"

صفحہ نمبر ۳ کے فوٹو

اخبار کا صفحہ نمبر ۳ تمام تر مسجد کے افتتاح کی تفصیلی خبروں پر مشتمل تھا جسے اس نے چار نمایاں تصاویر سے مزین کیا۔ ایک تصویر میں افتتاحی تقریب کے موقع پر حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کو اسٹیج کے درمیان میں صدر جگہ پر بیٹھے ہوئے دکھایا گیا جس میں حضور کے دائیں اور بائیں علی الترتیب حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خانصاحب اور محترم پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلام بیٹھے نظر آرہے تھے۔ دوسری تصویر میں دکھایا گیا

روزنامہ کوردوبا کی صفحہ اوّل پر مسجد بشارت کے افتتاح کی خبر

کہ سپین کے سب سے پرانے مبلغ محترم کرم الٰہی صاحب ظفر قرطبہ کے کلیسائی حلقہ کے اعلیٰ پادری کا استقبال کر رہے ہیں۔ تیسری تصویر اس منظر پر مشتمل تھی کہ جمعہ کی افتتاحی نماز کے دوران نمازی سجدہ کی حالت میں فرش کے ساتھ لگے ہوئے ہیں۔ چوتھی تصویر ایک علیحدہ چوکھٹ میں تھی جس میں دکھایا گیا کہ حضور مسجد سے ملحقہ ڈرائنگ روم میں کانفرنس سے خطاب فرما رہے ہیں۔

اخبار مذکور نے اس صفحہ (یعنی صفحہ ۳) پر مسجد کے افتتاح اور حضور کی پریس کانفرنس کی علیحدہ علیحدہ خبریں شائع کیں۔ اس نے افتتاح کی خبر کو بڑی خبر کے طور پر چار کالمی عنوانات کے تحت شائع کیا اور حضور کی پریس کانفرنس کی سہ کالمی خبر کو نمایاں کرنے کے لئے اس کے گرد نہ صرف خوبصورت حاشیہ لگایا بلکہ اسے قدرے روشن حروف میں شائع کیا۔

افتتاح کی خبر کے عنوان اور اس کا متن

افتتاح کی بڑی خبر پر اخبار نے حسب ذیل تین جلی عنوان قائم کئے۔

(۱) جماعت احمدیہ کے سربراہ خلیفۃ المسیح نے پیدرو آباد میں مسجد کا افتتاح فرمایا۔

(۲) "اہل سپین کے دلوں پر بجز محبت کے اور کسی ذریعہ سے فتح پانا ممکن نہیں"۔ (خلیفۃ المسیح)

(۳) افتتاحی تقریب میں دیگر اصحاب کے علاوہ نوبل انعام یافتہ سائنسدان اور اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے سابق صدر کی شرکت

ان عنوانات کے تحت اخبار نے جو تفصیلی خبر شائع کی اس کا متن درج ذیل ہے۔

"تقریباً سات صدیوں کی خاموشی اور عدم موجودگی کے بعد وادیٔ قرطبہ ایک دفعہ پھر مسلمانوں کی نماز جمعہ کی اذان سے گونج اٹھی۔ پیدرو آباد میں ٹھہری ہوئی سنہری دھوپ پھیلی ہوئی تھی جبکہ ایک اسلامی فرقہ (جو جماعت احمدیہ کے نام سے موسوم ہے) کی تعمیر کردہ مسجد میں دو ہزار اشخاص (نماز جمعہ ادا کرنے کے لئے) جمع ہوئے جو جماعت کے سربراہ اعلیٰ حضرت مرزا طاہر احمد نے پڑھائی آپ حضرت مرزا ناصر احمد (کی وفات) کے بعد خلیفہ منتخب ہوئے ہیں جنہوں نے اکتوبر ۱۹۸۰ء میں اس مسجد کا سنگ بنیاد رکھا تھا۔

ایک ایسے ماحول میں جو گوناگوں کیفیتوں کا حامل تھا۔ پیدرو آباد کے باشندے پاکستانیوں اور دیگر ملکوں سے آئے ہوئے لوگوں کے ساتھ باہم گھلے ملے ہوئے تھے پاکستانیوں نے اپنے سروں پر کھال کی ٹوپیاں (جناح کیپس، ناقل) اور رومی ٹوپیاں پہنی ہوئی تھیں۔ مقامی، قومی اور بین الاقوامی پریس کے نمائندے بھی بڑی تعداد میں آئے ہوئے تھے۔ ایسے ماحول اور ایسے مختلف النوع اجتماع کی موجودگی میں ایک بجے بعد دوپہر مسجد میں نماز جمعہ ادا کی گئی۔ مسلمانوں کے ہاں جمعہ کے دن کو وہی اہمیت حاصل ہے جو عیسائیوں کے نزدیک اتوار کے دن کو حاصل ہے۔ ظہر کی نماز دوپہر کے معاً بعد ادا کی جاتی ہے (اور جمعہ کے روز اسے نماز جمعہ سے موسوم کیا جاتا ہے۔ ناقل) اس کی ادائیگی کے بعد بوقت ۵ بجے سہ پہر نماز عصر ادا کی گئی۔ اس میں بھی جملہ حاضر مسلمان شریک ہوئے ان میں سے اکثر کے چہرے جذبات کی شدت سے تمتما رہے تھے

یہ دو نمازیں (ظہر اور عصر روزانہ ادا کی جانے والی پانچ نمازوں میں سے دوسری اور تیسری نمازیں ہیں۔ باقی تین نمازیں فجر، مغرب اور عشاء کی نمازیں کہلاتی ہیں۔ ان پانچ نمازوں سے دن بھر کی اسلامی عبادت پایۂ تکمیل کو پہنچتی ہے۔

پیدرو آباد میں عید کا سماں

مسجد کے ملحقہ علاقے دوسرے ملکوں کی رجسٹر کی ہوئی سینکڑوں کاروں سے پٹے پڑے تھے۔ چند ایک چھوٹے چھوٹے خیمے بھی نظر آ رہے تھے جو باہر سے آنے والے مسلمانوں نے نصب کر رکھے تھے۔ مسجد کے بیرونی دروازہ کے قریب چھوٹی چھوٹی دکانیں لگی ہوئی تھیں۔ ان میں ایسے بیج فروخت ہو رہے تھے جن پر مسجد کی تصویر بنی ہوئی تھی اور یہ انگریزی عبارت درج تھی کہ "مسجد بشارت سپین۔ سات سو سال کے بعد جس کی تعمیر عمل میں آئی۔ افتتاحی تقریب ۱۰ ستمبر ۱۹۸۲ء"۔ بعض اور بیج بھی ان دکانوں پر فروخت ہو رہے تھے جن پر عربی کلمات لکھے ہوئے تھے۔ بعض اور بیج بھی

Un Nobel y un ex-presidente de la ONU, entre los asistentes

El jalifa supremo ahmadí inauguró la mezquita de Pedro Abad

De izquierda a derecha: Mohammad Zafrullah Khan, Hazrat Mirza, Tahir Ahmad y el Nobel Abdus Salam, durante un momento de la inauguración.—(Foto Ricardo)

"Al pueblo español no se le puede conquistar con otra arma que no sea el amor"

(De nuestra Redacción).

Tras cerca de siete siglos de ausencia los acentos de la oración musulmana del viernes volvieron ayer a desvanecerse en ecos sobre la campiña cordobesa. En dorado atardecer de Pedro Abad unas dos mil personas se dieron cita en torno a la mezquita edificada por la comunidad ahmadía a cuya solemne inauguración procedió el jefe de la misma Hazrat Mirza Tahir Ahmad sucesor del fallecido Hazdat Mirza Ahmad quien colocó la primera piedra del templo en octubre de 1980.

En un ambiente abigarrado donde se entremezclaban vecinos de Pedro Abad con pakistaníes tocados con el clásico gorro de piel o rumi-topi invitados procedentes de diversas nacionalidades y una amplia representación de los medios informativos locales, nacionales y extranjeros se llevó a cabo a la una de la tarde la oración del viernes, día equivalente para los mahometanos al domingo entre los cristianos. A esta «sohar» u oración del mediodía seguiría, a las cinco de la tarde el «asar» u oración de media tarde que también fué seguida puntualmente por todos los musulmanes presentes algunos de los cuales reflejaban en sus rostros vivas muestras de emoción. Una y otra oración forman parte de las cinco del ritual mahometano junto con el «Fayer» u oración de antes de salir el sol, la «magrib» al ponerse y la «esha» antes de acostarse

PEDRO ABAD FUE UNA FIESTA

Cientos de coches con matrícula extranjeras ocupaban los alrededores donde también era posible ver algunas tiendas de campaña desplegadas por los visitantes musulmanes. A la puerta de la mezquita se podían adquirir, en pequeños puestos, chapas en las que, junto a la imagen de ésta, una leyenda en inglés testimoniaban el acto con la siguiente frase: Masjed Basnarat Spain, built after 700 years, openig ceremony sept. 10.82». Otras chapas reproducían frases en caracteres cúficos no faltando tampoco pegatinas con el lema que campa en el pórtico de la mezquita: «Amor para todos, odio para nadie» (eso sí, en inglés o sea «Love for all, hatred for none») Tanto unos como otras fueron portadas indistintamente por el público cristiano y musulmán en un ambiente que en todo momento se caracterizó por la la convivencia y la participación festiva.

Ante la fachada principal de la mezquita cuyos dos minare

(Pasa a la Pág. siguiente)

El vicario general de la Diócesis, Valeriano Orden saluda al jefe de la misión ahmadía en Córdoba, K. J. Zufar. (Foto Ricardo)

La pequeña mezquita resultó insuficiente ante el elevado número de asistentes al acto que realizaron el «asar» en la parte exterior cubierta por un toldo. (Foto Ricardo)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

Hazrat Mirza Tahir Ahmad:

"EL UNICO TRIUNFO QUE NOS INTERESA ES EL ESPIRITUAL DEL ISLAM"

«Elegimos esta tierra porque aquí las gentes son buenas y entienden el amor»

(De nuestra Redacción)

Con un gran ceremonial y rodeado de fervorosos fieles ataviados con túnicas y turbantes, hizo su entrada en la sala preparada para la rueda de prensa, el Jalifa Supremo de la Comunidad Ahmadia en el mundo Hazrat Mirza Nasir Ahmad, llegado a nuestro país con la importante misión de inaugurar la primera Mezquita construída en España después de siete siglos, en el pequeño pueblo de Pedro Abad.

Hombre de mediana edad, con suma amabilidad fue contestando a las preguntas que le formularon los numerosos informadores desplazados al acto.

—La inauguración de la Mezquita en España —comenzó diciendo— es una celebración muy esperada por todos los fieles de la misión Ahmadia mundial. Nuestro jefe supremo, fallecido recientemente, eligió ubicarla aquí por considerar que en esta tierra las gentes son buenas y entienden el amor.

BUSCANDO EL TRIUNFO ESPIRITUAL

A la pregunta, argumentada sobre antiguas profecías islámicas, acerca de si los musulmanes pretenden una nueva conquista de Andalucía, el califa supremo fue contundente en su respuesta: «La única profecía que a nosotros nos interesa, es la que se refiere al triunfo espiritual del Islam».

Las alusiones a la espiritualidad fueron una constante en las respuestas del jefe supremo. A este respecto manifestó su preocupación por la división actual del mundo árabe, aclarando que su concepto de unidad es bien distinto al que se tiene en Occidente. Pero más que por la división del Islam, puso de relieve su alarma por la división del mundo en general. **«Por eso, la comunidad lo tiene presente en sus plegarias y reza para que el mundo llegue a un mayor entendimiento».**

Al pedírsele su opinión sobre Jomeini, el jalifa Ahmadí sonrió socarronamente: **«sabía que este tema iba a salir. Pero de esta cuestión mejor no hablar».** También el problema palestino entra dentro de sus preocupaciones por el mundo. **«Es gente que está sufriendo mucho —dijo— pero nosotros los tenemos presentes en nuestras oraciones. Y además porque son musulmanes y un precepto dice que todo musulmán debe ayudar a otro, tanto si es el agresor como el agredido. ¿Que como se produce esta ayuda? «Deteniendo la mano del agresor», agregaría.**

SOLO CINCO MIEMBROS EN CORDOBA

Aunque los miembros de la comunidad en Córdoba son escasos, ya que solo suman cinco, al Jalifa no parece preocuparle. **«Cuando llegué de estudiante a España en 1957 no pasaban de los tres en total».** El ha pedido a sus seguidores que sean abiertos de corazón y reproduzcan los valores islámicos. Que la misión ya se irá extendiendo.

La financiación de la mezquita es clara. Los gastos de su construcción fueron sufragados por miembros de la misión, principalmente los ingleses. De momento no piensan levantar nuevos templos en España. En cuanto a que la comunidad cuente entre sus miembros con relevantes personalidades como un Premio Nobel de Física y un ex presidente de la ONU es motivo de satisfacción para todo ellos.

Hazrat Mirza Tahir Ahmad no está de acuerdo en que Occidente se está alejando de las religiones. Cree que hay un sentimiento de acercamiento a los valores musulmanes que él compara con la época del Renacimiento. Sus últimas palabras aseguraron que el ser humano no estará satisfecho hasta que acepte el Islam, reiterando que los ahmadies no pretenden una conquista cultural sino tan sólo espiritual. Que la gente comprenda lo que suponen los valores espirituales.

(Foto Ricardo)

«CORDOBA»

تھے۔ ان پر وہی عبارت درج تھی جو مسجد کے بیرونی گیٹ پر بھی کندہ ہے یعنی یہ کہ ــــ "نفرت کسی سے نہیں اور محبت سب کے لئے عام" ــــ یہ بیج بلا امتیاز سب ہی مسلمانوں اور عیسائیوں نے لگائے ہوئے تھے۔ یہ ماحول اس امر کا آئینہ دار تھا کہ عید کی اس خوشی میں سب برابر کے شریک ہیں

مسجد کی اصل عمارت کے عین سامنے اس کے منارۃ المسیح قادیان کی طرز پر بنائے گئے میناروں کے سایہ تلے پلاسٹک کے بڑے بڑے پارچات سے وسیع سائبان بنایا گیا تھا جس کے نیچے کرسیوں پر مدعوین بیٹھے ہوئے تھے۔ وہ اپنی اپنی نشستوں پر بیٹھے بیٹھے مسجد کے اندر اس جگہ کو دیکھ سکتے تھے جہاں قبل ازیں بعد دوپہر جمعہ کی نماز ادا کر کے اس کا افتتاح عمل میں آیا تھا اور ایک بہت بڑے بینر پر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کے الفاظ لکھے ہوئے تھے۔ مسجد کے احاطہ کے ایک علیحدہ حصہ میں (مراد مسجد کا عقبی لان ناقل) میزیں لگی ہوئی تھیں۔ جو پھلوں، مٹھائیوں اور مشروبات سے لدی ہوئی تھیں۔ جن سے مدعوین خاص کی تقریب کے بعد تواضع کی گئی۔

نوبل انعام یافتہ سائنسدان اور جنرل اسمبلی کے سابق صدر کی شرکت

ان لوگوں میں جنہیں امام جماعت احمدیہ کے خطاب سے قبل تقریر کرنے کی دعوت دی گئی۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے سابق صدر پاکستان کے سابق وزیر خارجہ اور انٹرنیشنل کورٹ آف جسٹس کے سابق صدر سر محمد ظفر اللہ خان بھی شامل تھے۔ سر محمد ظفر اللہ خان کو اپنی ذاتی نمایاں حیثیتوں کے علاوہ یہ خصوصی اعزاز بھی حاصل ہے کہ وہ جماعت احمدیہ کے بانی حضرت مرزا غلام احمد کے ان ساتھیوں میں سے ہیں جو ابھی حیات ہیں۔ انہوں نے اپنی تقریر میں اس زمانہ کی یاد تازہ کی جب گیارہ سال کی عمر میں انہیں بانی سلسلہ احمدیہ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا اور اس امر پر خوشی کا اظہار کیا کہ انہیں سامعین کو اس مقدس موقع پر حاصل ہونے والے تجربہ سے آگاہ کرنے کی توفیق ملی ہے۔ مزید برآں طبیعیات کے نوبل انعام یافتہ سائنسدان ڈاکٹر عبدالسلام نے بھی اس موقع پر تقریر کی۔ انہوں نے اس امر پر روشنی ڈالی کہ قرآن نے سائنسی تحقیق پر بہت زور دیا ہے۔ اور مسلمانوں کو بطور خاص اس کی طرف توجہ دلائی ہے۔

جماعت احمدیہ کے سربراہ اعلیٰ نے اپنے خطاب میں قرطبہ کی سرزمین پر اپنے اور جماعت کے محبت بھرے استقبال پر بطور خاص شکریہ ادا کیا۔ آپ نے بنی نوع انسان کے مابین امن اتحاد، عدل و مساوات اور اخوت کا پیغام دیا۔ اور اللہ سے اس کے قیام کے لئے اس کی نصرت طلب کرنے کی دعا کی۔ آپ نے ان تمام لوگوں کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے مسجد کو تیار کرنے اور اس کی تعمیر مکمل کرنے میں محنت سے کام کیا۔ نیز آپ نے ہسپانوی حکام کو بھی شکریہ کا مستحق گردانا۔ جنہوں نے مذہبی اختلافات کے باوجود زمین خریدنے اور اس پر مسجد تعمیر کرنے کی منظوری دی۔ آپ نے فرمایا۔

"انہوں نے ایسا کر کے مذاہب کے درمیان باہمی رواداری اور ایک دوسرے کے احترام کا دروازہ کھول دیا ہے۔ اللہ ان سب کو اپنے فضلوں سے نوازے۔"

اپنے پیشرو (حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ، ناقل) کا بہت جذباتی انداز میں ذکر کرنے اور ان کی مساعی کی یاد تازہ کرنے کے بعد آپ نے آخر میں فرمایا۔

"دنیا میں بعض ایسی قومیں بھی ہیں جنہیں طاقت کے بل پر بھی مغلوب کیا جا سکے لیکن سپین کے باشندے ان قوموں میں سے نہیں ہیں۔ سپین کی تاریخ پر نظر ڈالیں تو کہہ سکتے ہیں کہ اس قوم کو بجز محبت کے اور ذریعہ سے فتح کرنا ممکن ہے۔"

کیتھولک چرچ کی نمائندگی

افتتاحی تقریب میں قرطبہ کے کیتھولک حلقہ کے اعلیٰ پادری دیاری آیو اور ڈن بھی موجود تھے۔ انہیں قرطبہ کے اسقف اعلیٰ (بشپ) نے اپنا نمائندہ مقرر کیا تھا۔ تقریب کے دوران سخت حفاظتی اقدامات کئے گئے تھے۔ سول حکام بھی اس بارہ میں اپنا کردار ادا کرنے میں مصروف تھے۔ اور پورے علاقہ میں ٹریفک کنٹرول کرنے کی سرگرمیاں بھی جاری تھیں۔ ایک اور امر کا ذکر بھی خالی از دلچسپی نہ ہوگا۔ وہ یہ کہ پیدرو آباد میں آنے والوں کے اژدحام کی وجہ سے کھانے پینے کی تمام اشیاء ختم ہو گئیں۔ اور مقامی بنکوں میں زرمبادلہ کا لین دین ان نوواردوں کی وجہ سے بہت بڑھ گیا۔ جو ان مقامی بنکوں کی تاریخ میں ایک ریکارڈ ہے۔"

صفحہ ۱۲ پر اسی اخبار نے مسجد بشارت سے متعلق دو اور نمایاں فوٹو بھی شائع کئے۔ ان میں سے ایک فوٹو میں افتتاحی تقریب میں شرکت کرنے والے مختلف ملکوں کے نمائندوں کو اپنے قومی لباس میں ملبوس دکھایا گیا تھا۔ اور دوسرے فوٹو میں مسجد بشارت کے برآمدہ میں پڑے ہوئے لاتعداد جوتے نظر آ رہے تھے جو ان نمازیوں کے تھے جنہوں نے مستقف حصہ میں نماز جمعہ ادا کی۔ ان دونوں فوٹوز کے نیچے اخبار نے عنوان کے تحت درج ذیل عبارت درج کی۔

"اہم ترین خبر کا عنوان ــــ پیدرو آباد"

عبارت کا ترجمہ: کل پیدرو آباد میں مسجد کا افتتاح مقامی علاقہ کی اہم ترین خبر کا درجہ رکھتا تھا وہاں قومی، اور (دنیا کی آبادی کے اہم حصہ کی نمائندگی کے لحاظ سے) بین الاقوامی اجتماع دیکھنے میں آیا۔ ان متعدد فوٹوؤں کے علاوہ جو ہم نے اس شمارہ کے دوسرے صفحات پر درج کئے ہیں۔ ہم اس تعلق میں دو مزید منتخب فوٹو اس صفحہ پر شائع کر رہے ہیں۔ اس میں سے ایک فوٹو اس امر کو ظاہر کر رہا ہے۔ کہ مسلمانوں کی عبادت گاہ میں کس قدر ہجوم تھا وہ اطراف و جوانب عالم سے آئے ہوئے ان تمام احمدیوں کے لئے ناکافی تھی جو کل افتتاحی نماز میں شریک ہونے کی غرض سے ہماری سرزمین میں کھنچے چلے آئے تھے اس کا اندازہ جوتوں کے ان لاتعداد جوڑوں سے ہوتا ہے جو تصویر میں نظر آ رہے ہیں۔ یہ نمازیوں کے جوتے ہیں جنہیں مسجد میں داخل ہونے سے قبل اتارنا اور باہر چھوڑنا ہر نمازی کے لئے لازمی ہے۔ دوسرا فوٹو اس خوشی اور عید کی عکاسی کر رہا ہے۔ جس کا سماں تمام دن وہاں چھایا رہا۔ پھر اس سے ان مختلف التنوع لباسوں کی بھی عکاسی ہوتی ہے جو مسجد اور اس کے گرد و نواح تمام دن نظر آتے رہے۔ یہ سارا علاقہ مہمانوں اور موٹر کاروں سے پٹا پڑا تھا۔"

پریس کانفرنس کی خبر

اخبار کوردوبا نے ۱۱ ستمبر کی اشاعت میں صفحہ ۳ پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کی پریس کانفرنس کی نہایت نمایاں

Digitized by Khilafat Library Rabwah



PEDRO ABAD FUE AYER NOTICIA

La inauguración de la mezquita ahmadia de Pedro Abad fue sin duda la noticia de ayer a nivel local con amplia resonancia nacional e incluso internacional, al menos para un importante área de la población mundial. Además de las fotos que ofrecemos junto a la información de páginas locales hemos seleccionado estas otras dos por lo que pudieran tener de pintoresco o anecdótico. Una de ellos da fe del lleno que registró el interior del templo musulmán (insuficiente para albergar a los ahmadies procedentes de todo el mundo que ayer se dieron cita en nuestra tierra) a traves de los zapatos que preceptivamente han de dejarse a la entrada del recinto sagrado. La otra testimonia la convivencia festiva puesta de manifiesto a todo lo largo de la jornada y los variopintos atuendos que pudieron verse en los alrededores de la mezquita repletos ayer de vehiculos y de visitantes. — (Fotos Ricardo).

la ventana

اور جی چوکھٹے میں جو خبر شائع کی اس پر اس نے حسب ذیل عنوانات لگائے

(۱) حضرت مرزا طاہر احمد (نے فرمایا)

(۲) "ہم جس فتح کے متمنی ہیں وہ صرف اسلام کی روحانی فتح ہے"۔

(۳) "ہم نے اس قطعہ زمین کا اس لئے انتخاب کیا ہے کیونکہ یہاں کے لوگ بہت اچھے ہیں اور محبت کرنا جانتے ہیں اور اس کی قدر کو پہچاننے والے ہیں"۔

ان عنوانات کے تحت اس نے خبر کو ان الفاظ سے شروع کیا۔

"ساری دنیا میں پھیلی ہوئی جماعت احمدیہ کے سربراہ اعلیٰ حضرت مرزا طاہر احمد بڑے رکھ رکھاؤ کے ساتھ اپنے بہت سے پیروکاروں کے ہمراہ (جنہوں نے سروں پر ٹوپیاں پہنی ہوئی اور پگڑیاں باندھی ہوئی تھیں) اس کمرہ میں تشریف لائے جو پریس کانفرنس کے لئے تیار کیا گیا تھا۔ آپ ہمارے ملک میں ایک اہم مشن پر تشریف لائے ہیں۔ وہ مشن پیدرو آباد نامی چھوٹے سے قصبہ میں سات صدیوں کے بعد تعمیر کی گئی پہلی مسجد کا افتتاح کرنے سے عبارت ہے۔ ادھیڑ عمر والے حضرت مرزا طاہر احمد نے انتہائی تلطف اور کریمانہ انداز میں ان کثیر التعداد رپورٹروں کے سوالات کے جواب دینے شروع کئے جو اس پریس کانفرنس میں شرکت کے لئے آئے ہوئے تھے۔ آپ نے آغاز کار فرمایا اس مسجد کا افتتاح دنیا بھر میں پھیلی ہوئی جماعت احمدیہ کے افراد کے لئے بہت ہی یادگار دن ہے۔ میرے پیشرو سربراہ اعلیٰ نے جنہوں نے حال ہی میں وفات پائی ہے مسجد کے لئے اس قطعہ زمین کا اس لئے انتخاب کیا تھا۔ کیونکہ آپ نے محسوس کیا کہ اس علاقہ کے لوگ بہت اچھے خصائل کے مالک ہیں اور محبت کی قدر کرنا جانتے ہیں"۔

اسلامی پیشگوئیوں پر مبنی اس سوال کا کہ کیا مسلمان دوبارہ اندلس کو فتح کرنا چاہتے ہیں خلیفۃ المسیح نے بڑے اعتماد سے جواب دیا "ہم جس فتح کی پیشگوئی پر ایمان رکھتے ہیں وہ صرف اسلام کی روحانی فتح کی پیشگوئی ہے۔ سربراہ اعلیٰ کے جوابات میں روحانیت کا بار بار اور بہ تکرار ذکر آتا رہا"۔

اس ضمن میں آپ نے عربوں کے باہمی مناقشات کے ضمن میں واضح فرمایا کہ وہ فتح جو اسلام کو اتحاد کے ذریعے حاصل ہوگی اس کا تصور اس سے مختلف ہے جو عموماً مغرب میں سمجھی جاتی ہے آپ نے فرمایا میرے لئے قابلِ فکر بات صرف اہلِ اسلام کے آپس کے تنازعات ہی نہیں ہیں بلکہ پریشانی کی بات یہ بھی ہے کہ ساری دنیا آپس میں بٹی ہوئی ہے اور ایک دوسرے کی مخالف ہے یہی وجہ ہے کہ ان کی جماعت احمدیہ اس مسئلے کو ذہن میں رکھتی ہے اور اللہ تعالیٰ سے دنیا میں امن اور ہم آہنگی پیدا ہونے کے لئے دعا کرتی رہتی ہے۔

جب خمینی کے بارے میں آپ کی رائے پوچھی گئی تو آپ نے مسکراتے ہوئے فرمایا "مجھے پتہ تھا کہ یہ سوال ضرور ہوگا لیکن بہتر یہ ہے کہ اس سوال پر گفتگو نہ کی جائے"۔ اسی طرح فلسطین کا مسئلہ بھی آپ کی پریشانیوں کا ایک حصہ ہے۔ آپ نے فرمایا "وہ لوگ بہت شدید مشکلات کا شکار ہیں اور ہم ان کے بارے میں دعائیں کرتے رہتے ہیں"۔ اس کے علاوہ یہ بھی کہ وہ ہمارے مسلمان بھائی ہیں اور مسلمان کے بارے میں ہمارا ایک یہ بھی تصور ہے کہ ایک مسلمان بھائی دوسرے مسلمان بھائی کی مدد کرے چاہے وہ ظالم ہو یا مظلوم۔ جب پوچھا گیا ظالم کی مدد کس طرح کی جائے؟ تو آپ نے واضح فرمایا اس طرح سے کہ اس کا ہاتھ ظلم سے روک دیا جائے"۔

قرطبہ میں صرف پانچ احمدی

اگرچہ قرطبہ میں جماعت احمدیہ کے اراکین کی تعداد بہت کم ہے۔ کل پانچ افراد ہیں۔ لیکن اس کی خلیفہ کو کوئی فکر نہیں۔ "جب میں ۱۹۵۷ء میں سپین میں آیا تھا اس وقت تعداد صرف تین تھی"۔ اپنے پیروکاروں کے لئے آپ کی تلقین یہ ہے کہ وہ کشادہ دلی کا مظاہرہ کریں اور اسلامی اقدار پر عمل پیرا رہیں اگر وہ ایسا کریں گے تو ان کے مشن کو وسعت حاصل ہوگی۔ اس مسجد کے مالی ذرائع واضح ہیں ان کو انگلینڈ کے مشن سے مالی امداد ملتی ہے سردست آپ سپین میں مزید مساجد تعمیر کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے۔ سپین میں اس جماعت میں بعض نمایاں لوگ بھی موجود ہیں۔

جن میں فزکس میں ایک نوبل یافتہ سائنسدان اور اقوام متحدہ کے ایک سابق صدر کی موجودگی ان سب کے لئے اطمینان بخش تھی۔ حضرت مرزا طاہر احمد اس نظریے سے اتفاق نہیں کرتے کہ مغرب مذہب دور تر ہوتا جا رہا ہے آپ سمجھتے ہیں کہ مغرب میں اسلامی اقدار سے لگاؤ کا اظہار کیا جا رہا ہے آپ اس بات کو یورپ کے احیائے علوم کے دور سے تشبیہ دیتے ہیں (جس کے بعد یورپ نے علمی لحاظ سے تاریکی سے نکل کر دنیا کی قیادت کی۔ ناقل) آپ کے آخری الفاظ یہ تھے کہ عالم انسانیت اس وقت تک اطمینان حاصل نہیں کر سکتا جب تک وہ اسلام قبول نہ کرے آپ نے اس بات پر اصرار کیا کہ جماعت احمدیہ کوئی علاقائی یا ثقافتی فتح نہیں چاہتی بلکہ صرف روحانی فتح کی متمنی ہے آپ نے مزید کہا کہ لوگوں کو روحانی اقدار کا مطلب سمجھنا چاہیئے۔

ص ۴ :

نئی مسجد سے ہر کوئی خوش معلوم ہوتا ہے

پادری ولیریا نوآردن: اس سے دو مذاہب کے درمیان بہتر قریب ہم آہنگی پیدا ہوگی

میئر آف پیدرو آباد: احمدیوں کا بہت اچھی طرح استقبال کیا گیا

مسجد کے افتتاح کے موقعہ پر ہم نے مختلف مکاتب فکر کے تین افراد سے رابطہ کر کے ان کے تاثرات حاصل کئے ہیں۔ قرطبہ کے پادری آرکی ٹیکٹ جس نے نقشہ بنایا) اور پیدرو آباد کے میئر سے تاثرات لئے گئے۔ یہ تمام لوگ تقریب افتتاح میں شرکت کرنے آئے تھے۔

پادری ولیریا نوآردن

"مذاہب کے درمیان بہتر ہم آہنگی"

پادری ولیریا نوآردن پالومینو کے خیال میں اس مسجد کی تعمیر کا مطلب دو مذاہب کے درمیان بہتر ہم آہنگی کا قیام ہے وہ مینگن کی

بقیہ بکار دوبا - ومزید تراشے بابت سپین ص ۴ سے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

Digitized by Khilafat Library Rabwah

قرطبہ۔ سپین

لا وزدے قرطبہ (قرطبہ کی آواز) ۱۱ ستمبر ۱۹۸۲ء

احمدیوں نے اپنی مسجد کا افتتاح کر دیا

۷۰۰ سال بعد قرطبہ کے انچارج پادری اور مسلمانوں کی جماعت احمدیہ کی اہم شخصیات کی موجودگی میں مسجد کا افتتاح

La Voz de Córdoba
DIARIO INDEPENDIENTE
